باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC Certified

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN OBSERVER
Quetta

بلوچستان آبزرور

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | پیر 3 اگست 2026ء | 19 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 117

حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی، سرفراز بگٹی

شہداء کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں اور ان کے اہل خانہ کی عزت، کفالت اور بحالی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

پاکستان پیپلز پارٹی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک شینگل کے خاندان سے کیے گئے وعدے کو عملی جامہ پہنا دیا' وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ملک شینگل کے فرزند اور بھائی کو تقرری کے آرڈرز حوالے کر دیئے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک شینگل کے خاندان سے کیے گئے وعدے کو عملی جامہ پہنا دیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ملک شینگل کے فرزند جنید خان اور بھائی ملک اجمل خان کو محکمہ زراعت میں تعیناتی کے احکامات جاری کرتے ہوئے تقرری کے آرڈرز ان کے حوالے کر دیے اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں اور ان کے اہل خانہ کی عزت، کفالت اور بحالی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھی جائے گی شہید (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما راجہ پرویز اشرف ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے فون پر رابطہ ہوا ہے، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کسی بھی ایڈونچر سے باز رہے۔ غیرملکی (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ہنگو میں کارروائی، خزینہ باندہ چیک پوسٹ حملے کا مبینہ ماسٹر مائنڈ ہلاک

ہنگو (این این آئی) پولیس نے ہنگو میں کارروائی کرتے ہوئے خزینہ باندہ چیک پوسٹ حملے کے مبینہ ماسٹر مائنڈ کو ہلاک (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

2 متاثرہ کوئلہ کانوں سمیت مجموعی طور پر چار کوئلہ کانوں کو سیل کر دیا گیا

محکمہ معدنیات کا بھی محکمانہ سطح پر واقعہ کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) سورینج میں کوئلہ کان میں حادثے کے بعد 2 متاثرہ کوئلہ کانوں سمیت مجموعی طور پر چار کوئلہ کانوں کو سیل کر دیا گیا واقعہ کی تحقیقات کیلئے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

لبنان میں اسرائیلی فوج کے ہاتھوں تباہی پر گہری تشویش ہے، اقوام متحدہ

اسرائیلی فوج جنگ بندی کے باوجود جس طرح اہداف کو نشانہ بنا رہی ہے، بیان

بیروت (این این آئی) اقوام متحدہ نے اسرائیلی فوج کی جانب سے جنگ بندی معاہدے کے باوجود جنوبی لبنان میں کی جانے والی تباہی اور مسماری پر گہری تشویش ظاہر کی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق یو این او کے ایک جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا کہ اسرائیلی (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

سورینج کوئلہ کان حادثہ کی تحقیقات چیف منسٹر انسپکشن ٹیم سے کرانے کا فیصلہ

تحقیقات کیلئے ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل مائنز اینڈ منرلز ڈیپارٹمنٹ، محمد ابراہیم مینگل کی سربراہی میں پانچ رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دی

محکمہ معدنیات سورینج کوئلہ کان حادثے کی تحقیقات کیلئے کورٹ آف انکوری کا اعلان بھی ایک سے دو روز میں کرے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان کے حادثے کی تین انکوائریز کرائی جائیں گی، محکمانہ انکواری، کورٹ آف انکواری کے ساتھ صوبائی حکومت نے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم سے بھی اعلیٰ سطحی تحقیقات کا فیصلہ کرلیا۔ محکمہ مائنز اینڈ منرلز نے 30 جولائی کو پیش آئے سورینج میں کان حادثہ کی تحقیقات کیلئے ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل مائنز اینڈ منرلز ڈیپارٹمنٹ، محمد ابراہیم مینگل کی (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

سوات، پولیس اسٹیشن پر خودکش حملہ، 5 پولیس اہلکاروں سمیت 13 افراد شہید، 20 سے زائد زخمی

خودکش دھماکہ اس وقت ہوا جب تھانے کے قریب اولسی پاسون کی جانب سے امن کے لئے مظاہرہ کیا جارہا تھا خودکش حملہ آور پولیس کمپاؤنڈ میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا، پولیس جوانوں نے مرکزی گیٹ پر ہی روک لیا، آر پی او

پولیس نے ملزمان اور ان کے سہولت کاروں تک پہنچنے کے لیے کارروائیاں شروع کر دی ہیں' دھماکے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی اور سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کا اظہار مذمت

سوات/اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے سیاحتی شہر سوات کے علاقے کبل میں پولیس اسٹیشن کے قریب دھماکے میں 13 افراد شہید اور 20 سے زائد زخمی ہوگئے، زخمیوں میں بعض کے حالت نازک ہے جس کے باعث شہادتوں میں اضافے کا خدشہ ہے جبکہ دھماکے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے اظہار مذمت کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سوات میں کبل پولیس اسٹیشن کے مرکزی گیٹ پر اتوار کی شام اس وقت خودکش دھماکہ کیا گیا جب تھانے کے قریب کبل چوک میں اولسی پاسون کی جانب سے امن کے لئے مظاہرہ کیا جارہا تھا۔ آر پی او ملاکنڈ ڈویژن سید فدا حسن شاہ کے مطابق دھماکے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 13 افراد شہید ہوئے ہیں جبکہ 14 پولیس اہلکاروں سمیت 20 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ریجنل پولیس آفیسر ملاکنڈ ڈویژن سید فدا حسن شاہ نے (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا ایران پر بڑے حملے کا منصوبہ موخر کر دیا

امریکی حملوں کے بعد ایران مذاکرات پر زیادہ آمادہ ہوگیا، وزیرخارجہ مارکو روبیو کا دعویٰ

تہران/ واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے ایران پر مجوزہ حملہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم یہ فیصلہ اس شرط سے مشروط ہے کہ ایران کے ساتھ جلد کسی معاہدے تک پہنچا جاسکے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے کہا کہ اگر تیزی سے معاہدہ ممکن ہوا تو حملہ نہیں کیا جائے گا جبکہ اسرائیل بھی اس مقف میں امریکا (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، خواجہ آصف

پیپلز پارٹی نے سیالکوٹ سے آخری انتخاب 1970 میں جیتا تھا، پیپلز پارٹی کی پذیرائی ختم ہوچکی ہے، وزیر دفاع

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، کہیں کہیں نظر آ رہا تھا کہ دونوں پارٹیوں کی مشترکہ کاوش ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ پچھلے 55 سال سے کشمیر کے انتخابات دیکھ رہا ہوں، اس دفعہ شہر کے اندر ٹرن آؤٹ زیادہ رہا، پارٹی نے بہت محنت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں 45 فیصد سے زیادہ ٹرن آؤٹ رہا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پیپلز (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک شینگل کے فرزند جنید خان اور بھائی ملک اجمل خان کو محکمہ زراعت میں تعیناتی کے آرڈرز حوالے کر رہے ہیں

خواجہ آصف کا محسن نقوی کو پی سی بی میں انقلاب لانے کا مشورہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو پی سی بی میں انقلاب لانے کا مشورہ دے دیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ نقوی صاحب سسٹم بتدریج بہتر ہو رہے ہوتے ہیں اور (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

آپریشن 11 گرج کے تحت کارروائی، فتنہ الخوارج کے 10 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی کے خلاف متعدد کارروائیاں مصدقہ انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن 11 گرج کے تحت خیبرپختونخوا کے ضلع باجوڑ اور خیبر میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران فتن الخوارج کے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، کارروائیوں کی ویڈیو بھی جاری کردی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن 11 گرج کے تحت خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے علاقے شاکرو میں مساجد میں ڈیرے جمانے والے فتنہ (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

ڈی جی آئی ایس پی آر کی سمرانٹرن شپ 2026 میں طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

قومی سلامتی، دہشتگردی اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر تفصیلی گفتگو، طلبہ کے سوالات کے مدلل اور مفصل جوابات دیئے

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی سمرانٹرن شپ (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات' غیرحتمی، غیر سرکاری نتائج کے مطابق (ن) لیگ کو برتری حاصل

پی پی، استحکام پاکستان پارٹی کی جانب سے مبینہ دھاندلی اور بے ضابطگیوں کے الزامات عائد، کارکنوں میں تلخ کلامی بھی ہوئی

لاہور / راولپنڈی / مریدکے / ننکانہ / گجرات /پاکپتن / بھکر (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر میں ہونے والے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مہاجرین کیلئے مخصوص سیٹوں پر مختلف حلقوں سے موصول ہونے والے غیرحتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کو دوسری جماعتوں پر سبقت حاصل ہے جبکہ پیپلز پارٹی اور استحکام پاکستان (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

سوات، کبل دھماکے کے بعد ضلع بھر میں ایمرجنسی نافذ، تمام ادارے ہائی الرٹ

سوات (این این آئی) کبل پولیس اسٹیشن پر ہونے والے خودکش حملے کے بعد ڈپٹی کمشنر سوات نے پورے ضلع میں فوری طور پر ایمرجنسی نافذ کردی جو آئندہ احکامات تک (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

غزہ میں اسرائیل کا تازہ حملہ، 9 شہید، 18 فلسطینی گرفتار

اسرائیلی گولہ باری نے دیر البلاح میں الاقصی شہدا ہسپتال میں ادویات اور طبی سامان پر مشتمل ایک گودام کو بھی تباہ کر دیا

اسرائیلی حکام نے بیت جالا قصبے میں تین فلسطینیوں کو اپنے مکانات مسمار کرنے کا حکم بھی دیا

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں اسرائیلی قابض فوج کے تازہ حملوں میں 9 فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے جبکہ اسرائیلی فورسز نے مغربی کنارے میں چھاپہ مارا اور 18 فلسطینی گرفتار کرلیے۔ فلسطینی خبررساں ایجنسی کے مطابق غزہ شہر کے شمال مغرب میں شیخ رضوان محلے میں اسرائیلی ڈرون نے لوگوں کے ایک گروپ کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں دو فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ وسطی غزہ کے علاقے دیر البلاح (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

ایل اے 31 اور 40 میں پی پی کی شکایات بے بنیاد ہیں، (ن) لیگ کا الیکشن کمیشن کو خط

ہر شکایت کا فیصلہ صرف شواہد اور قانونی تقاضوں کے مطابق کیا جائے، ثبوت کے بغیر کارروائی نہ کی جائے، (ن) لیگ الیکشن سیل

مظفرآباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے الیکشن سیل نے الیکشن کمیشن کو خط لکھا ہے جس میں پیپلز پارٹی کے دھاندلی کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے شکایت کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایل اے 31 میں پیپلز پارٹی کی شکایت پر مسلم لیگ (ن) نے الیکشن کمیشن کو جوابی خط بھیجا ہے اور کہا کہ راجہ ثاقب مجید اور کارکنان نے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

صدر ٹرمپ کی قیادت میں امریکا یہودی عوام کیساتھ کھڑا رہے گا، امریکی وزیرخارجہ

ایسے ممالک اور عالمی تنظیموں کو بھی جواب دہ قرار دیا جا رہا ہے جو اسرائیل مخالف شدت پسندانہ بیانیہ اپناتے ہیں، مارکو روبیو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کی قیادت میں امریکا یہودی عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ایک کانفرنس سے خطاب میں مارکو روبیو نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ کی نافذ کردہ نئی ویزا پالیسی یہودی برادری کے خلاف نفرت کو ہوا (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا سوات میں خودکش دھماکے اور اس میں ہونیوالی اموات پر گہرے غم و افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سوات کے علاقے کبل میں خودکش دھماکے اور اس میں ہونے والی اموات پر گہرے غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جاری (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

شمالی وزیرستان، ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کی گاڑی پر فائرنگ' کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

ڈپٹی کمشنر تیمور خان آفریدی کے ہمراہ ڈی پی او سجاد حسین نے تحصیل بویہ کا دورہ کر رہے تھے

شمالی وزیرستان (این این آئی) شمالی وزیرستان میں ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کی گاڑی پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کی ہے، خوش قسمتی سے فائرنگ سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق ڈپٹی کمشنر تیمور خان آفریدی کے ہمراہ ڈی پی او سجاد حسین نے تحصیل بویہ کا دورہ کر رہے تھے تو راستے میں نامعلوم افراد نے ان کی گاڑیوں پر فائرنگ شروع کی۔ پولیس کے مطابق بویہ (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

پشاور میں مسلح افراد کی اندھا دھند فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق، 4 زخمی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے علاقے پشاور میں مسلح افراد کی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

جیری ویزا کوریئر سروس کوئٹہ سے جلد اپنی خدمات کا آغاز کرنے جا رہی ہے، جعفر مندوخیل

نئی سہولت کے آغاز سے بلوچستان کے عوام کو دنیا کے 50 سے زائد ممالک، جن میں یورپ، امریکہ، ایشیا اور دیگر خطے شامل ہیں

اس اقدام سے شہریوں کو نہ صرف بہتر سہولت میسر آئیگی بلکہ انکے قیمتی وقت اور اخراجات میں بھی نمایاں بچت ہوگی

کراچی (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ انہیں بلوچستان کے عوام کو یہ خوشخبری دیتے ہوئے بیحد خوشی محسوس ہورہی ہے کہ جیری ویزا کوریئر سروس بہت جلد باضابطہ طور پر کوئٹہ سے اپنی خدمات کا آغاز کرنے جارہی ہے جو ان کی خصوصی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ گورنر مندوخیل نے مزید کہا کہ کوئٹہ میں جیری ویزا کوریئر سروس کا قیام بلوچستان میں عوامی سہولیات کی فراہمی، بین الاقوامی روابط کے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی: وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ولی تنگی میں بارودی سرنگ کا دھماکہ ایک شخص جاں بحق، ہنہ اوڑک کے قبائلی اور رہائشیوں کا احتجاجی دھرنا

ہنہ اوڑک کے مقامی عمائدین کی کمیٹی کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا

ولی تنگی میں دوا رود کے مقام پر بارودی سرنگ کا دھماکا ہوا جس کی زد میں آکر مقامی موٹر سائیکل سوار ریاض نامی شخص جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ولی تنگی میں بارودی سرنگ کا دھماکہ کہ ایک شخص جاں بحق، ہنہ اوڑک کے قبائلی اور رہائشیوں کا احتجاجی دھرنا۔ سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق اتوار کو ہنہ اوڑک کے علاقے ولی تنگی میں دوا رود کے مقام پر بارودی سرنگ کا دھماکا ہوا جس کی زد میں آکر مقامی موٹر سائیکل سوار ریاض نامی شخص جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا اور واقعہ سے متعلق تحقیقات شروع کر دی بعد ازاں ہنہ اوڑک کے مقامی قبائل اور رہائشیوں نے ہنہ تھانے کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے دھرنا دے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں قیام امن کیلئے سیکیورٹی فورسز پر عزم ہیں' محسن نقوی

وزیر داخلہ کی ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ خزینہ باندہ پر حملے کا سرغنہ خوارج معاویہ کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہنگو میں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

سوات خودکش دھماکہ، صدر مملکت کا قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سوات کے علاقے کبل میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملے میں قیمتی جانوں (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

پی پی کے دھاندلی کے الزامات میں تضاد ہے، پہلے 13 پھر 2 نشستوں کا دعویٰ کیا، رانا ثناء اللہ

آزاد کشمیر میں انتخابی عمل پرامن ہوا، معمولی تکرار کو قائم مقام صدر پر قاتلانہ حملے کا رنگ دینے کی کوشش کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ اور انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے دھاندلی کے الزامات میں تضاد ہے، پہلے 13 پھر 2 نشستوں کا دعویٰ کیا، (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

خاران' مسلح افراد کا حملہ پولیس تھانہ نذر آتش

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خاران میں مسلح افراد کا حملہ پولیس تھانہ نذر آتش اسلحہ لیکر فرار ہوگئے۔ سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے خاران میں حملہ کر دیا جس کے نتیجے علاقے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

لاہور، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش کے 983 ویں سالانہ عرس مبارک کے آغاز چادر پوشی کر رہے ہیں

بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی تقسیم مساوی اور منصفانہ روّیہ اختیار کیا جانا چاہیے، جام کمال

بعض علاقوں میں منتخب عوامی نمائندوں کو نظر انداز کرتے ہوئے غیر عوامی افراد کی اسکیمیں شامل کی گئی ہیں

وفاقی وزیر تجارت کا بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم پر اظہار تشویش

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماء جام کمال خان نے بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی تقسیم میں مساوی اور منصفانہ رویہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ انہوں نےکہا یہ بات افسوسناک ہے کہ بعض مخصوص اور چنیدہ اضلاع پر اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

تھرپارکر اور عمرکوٹ میں بارشوں سے مختلف حادثات میں 7 افراد جاں بحق، 2 زخمی

تھرپارکر (این این آئی) سندھ کے اضلاع تھرپارکر اور عمرکوٹ میں حالیہ بارشوں کے دوران پیش آنے والے مختلف حادثات (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش کے 983 ویں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر محکمہ اوقات و مذہبی امور کی خصوصی تصنیف حضرت داتا گنج بخش کا ملاں رارا ہنما کا افتتاح کر رہے ہیں

دیر بالا طوفانی بارشوں سے تباہی، مرکزی شاہراہ بند، پل بہہ گیا، سیاح اور مسافر پھنس گئے

انکار مدرسہ کے قریب سیلابی ریلے کی زد میں آ کر مین شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند ہوگئی

شہریوں اور سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور ندی نالوں کے قریب جانے سے احتیاط برتنے کی ہدایت

اپر دیر (این این آئی) دیر بالا میں طوفانی بارشوں کے باعث ندی نالوں میں شدید طغیانی آ گئی اور مختلف علاقوں میں صورتحال تشویشناک ہوگئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق انکار مدرسہ کے قریب سیلابی ریلے کی زد میں آ کر مین شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند ہوگئی جس کے نتیجے میں گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں جبکہ مسافر اور سیاح مختلف مقامات پر پھنس گئے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ شدید بارشوں کے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

غزہ جنگ' بھارت نے اسرائیل کو اسلحہ اور فوجی پرزے فراہم کیے، ایمنسٹی انٹرنیشنل کا دعویٰ

بھارت اسرائیل کو اسلحے اور فوجی سامان کی برآمدات فوری طور پر بند کرے، تنظیم کی سیکرٹری جنرل کا مطالبہ

نئی دہلی /لندن (این این آئی) انسانی حقوق کی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی ایک نئی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ غزہ میں جاری جنگ کے دوران بھارت سے اسرائیل (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

خاران میں سوشل میڈیا پروپیگنڈا کی مبینہ کوشش ناکام، سیکورٹی فورسز کے ردِعمل پر دہشتگرد فرار

شہریوں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا دہشتگردوں کی بوکھلاہٹ اور ناکامی کا اظہار ہے

خاران (این این آئی) سیکورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ بلوچستان کے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

ایران کی درخواست پر حملہ منسوخ کیا، اب معاہدے کا انتظار ہے، ٹرمپ

مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کو فوری اور مکمل طور پر کھولنے اور ایران کے مبینہ جوہری خطرے کے خاتمے کی شقیں شامل ہیں

مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کو فوری اور مکمل طور پر کھولنے اور ایران کے مبینہ جوہری خطرے کے خاتمے کی شقیں شامل ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے ایران کے خلاف منصوبہ بند فوجی حملہ منسوخ کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے کیونکہ انہیں تہران اور مشرقِ وسطیٰ کے چند دیگر ممالک کی جانب سے کارروائی موخر کرنے کی درخواست موصول ہوئی تھی تاہم امریکی افواج حملہ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار تھیں۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

بارشوں سے اب تک 126 افراد جاں بحق اور 404 زخمی ہوئے، این ڈی ایم اے

خیبر پختونخوا میں سب سے زیادہ 55 افراد جاں بحق ہوئے جن میں 26 بچے شامل ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے 26 جون سے یکم اگست تک ملک بھر میں مون سون بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات کی رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق اس عرصے کے دوران ملک بھر میں بارشوں سے متعلق مختلف حادثات میں 126 افراد جاں بحق جبکہ 404 افراد زخمی ہوئے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا میں سب سے زیادہ 55 افراد جاں بحق ہوئے جن میں (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

کشمیر کے انتخابات کے موقع پر الیکشن کیمپوں میں پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ، اقبال شاہ، اختر بلوچ، شاہجہاں گجر، امین گجر، عصمت، مسلم لیگ کے جہانگیر خروٹی زمان لہڑی، اور دیگر بیٹھے ہیں

کوئٹہ کا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا، پشتونخوامیپ

پشتونخواوطن کی موجودہ صورتحال میں کوئٹہ کا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا

پشین (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین سے مربوط کربلا علاقائی یونٹ کے جنرل باڈی کا اجلاس تحصیل سرانان کے سیکرٹری عنایت اللہ کاکڑ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں کربلا میں پارٹی کی سیاسی تنظیمی فعالیت پر غور کیا گیا اور اس حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے اور ذمہ داریاں سونپی گئی۔ اجلاس سے پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات آغا سید لیاقت (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ، فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

ملک میں ایندھن کی آمد ورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمد ورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے، اوگرا کے استعداد اضافے کیلئے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں، اوگرا کی تنظیم نو کرکے ہر شعبے اور منصب کیلئے ماہرین کی میرٹ پر شفاف طریقہ کار سے تعیناتی کی جائے، تمام ریگولیٹری اداروں کا اپنے متعلقہ وزارتوں سے باضابطہ رابطہ قائم کرنے کیلئے ضروری اقدامات لئے جائیں۔ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا تمام اداروں میں یکساں طور پر نفاذ یقینی بنایا جائے۔ ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمد ورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے۔ اوگرا کے استعداد اضافے کیلئے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں، اوگرا کی تنظیم نو کرکے ہر شعبے اور منصب کیلئے ماہرین کی میرٹ پر شفاف طریقہ کار سے تعیناتی کی جائے۔ اوگرا کی اصلاحات و تنظیم نو کیلئے حکومت ہر قسم کے پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرے گی۔ حکومت عوام کی ایک ایک پائی کا تحفظ کرے گی، کسی کو عوام کے استحصال اور سسٹم میں مداخلت کی اجازت نہیں دیں گے۔ تمام ریگولیٹری اداروں کا اپنے متعلقہ وزارتوں سے باضابطہ رابطہ قائم کرنے کیلئے ضروری اقدامات لئے جائیں۔ منظور شدہ پالیسی کے تحت ملک میں قائم آئل ریفائنریوں کی اپگریڈیشن پر کام تیز کیا جائے۔ اجلاس میں چیئرمین اوگرا نے ادارے کی موجودہ کارکردگی، درپیش چیلنجز اور جامع اصلاحاتی پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اوگرا نے تیل کی سپلائی-چین کو بندرگاہ سے پٹرول پمپ تک ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مانیٹر کرنے کیلئے اہم پیش رفت کی ہے۔ قومی مانیٹرنگ ڈیش بورڈ، ٹینکر ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم، ڈپو-ٹینک ٹیلی میٹری، راہگزر موبائل ایپ، پٹرول پمپس پر ڈیجیٹل سیلز انٹری سسٹم اور مرکزی مانیٹرنگ سیل جیسے متعدد ڈیجیٹل نظام فعال کیے جا چکے ہیں، جن کے ذریعے پٹرولیم مصنوعات کی نقل وحرکت، ذخائر اور فروخت کی مؤثر نگرانی ممکن بنائی جا رہی ہے۔ جولائی 2026 کے دوران ڈیٹا پر مبنی خصوصی مہم کے نتیجے میں ذخیرہ اندوزی، سپلائی میں غیر ضروری رکاوٹوں اور دیگر خلاف ورزیوں کے متعدد واقعات کی نشاندہی کی گئی، جن پر شوکاز نوٹسز، وضاحت طلبی اور دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔

صوبوں کی انتظامی تقسیم سے ملک ترقی نہیں کرے گا

بات سے بات
منصور نظامانی
★★★★
mansoornizamani111@gmail.com

جب بھی پاکستان میں ترقی، انتظامی اصلاحات یا عوامی خدمات کی بہتری پر بحث ہوتی ہے تو نئے صوبے بنانے یا موجودہ صوبوں کو تقسیم کرنے کی تجاویز سامنے آتی ہیں۔ اس کے حامیوں کا مؤقف ہوتا ہے کہ چھوٹی انتظامی اکائیاں حکمرانی کو زیادہ مؤثر بنائیں گی، فیصلے تیزی سے ہوں گے اور عوام کو بنیادی سہولیات آسانی سے میسر آئیں گی۔ لیکن بنیادی سوال یہ ہے کہ کیا صرف صوبوں کی حدود تبدیل کرنے سے ترقی کے مسائل حل ہو سکتے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ ملکی ترقی کا تعلق انتظامی تقسیم سے زیادہ اچھی حکمرانی، مضبوط اور جوابدہ اداروں، شفاف احتساب، قانون کی بالادستی، مؤثر منصوبہ بندی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام دوست پالیسیوں سے ہے۔

پاکستان ایک وفاقی ریاست ہے، جس کا آئینی ڈھانچہ وفاق اور صوبوں کے درمیان اختیارات کی تقسیم پر قائم ہے۔ وفاق کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ ملک کے ہر حصے کو یکساں اہمیت ملے، وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے اور ہر صوبے کو آئین کے مطابق اپنے اختیارات حاصل ہوں۔ ایسے نظام میں ترقی کا معیار صوبوں کی تعداد سے نہیں بلکہ ان کی کارکردگی، مالی خودمختاری، جوابدہی اور عوامی خدمت کے معیار سے ناپا جاتا ہے۔ اگر حکمرانی کا نظام کمزور ہو تو نئی انتظامی اکائیاں بھی پرانے مسائل سے محفوظ نہیں رہ سکتیں۔

وسائل کی منصفانہ تقسیم کسی بھی وفاقی ریاست کے استحکام اور ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ جب ہر صوبے اور علاقے کو اس کی آبادی، ضروریات، وسائل اور آئینی حقوق کے مطابق حصہ ملتا ہے تو عوام کا اعتماد بڑھتا ہے، احساسِ محرومی کم ہوتا ہے اور قومی اتحاد مضبوط ہوتا ہے۔ لیکن اگر وسائل کی تقسیم میں ناانصافی یا سیاسی مداخلت ہو تو ترقی کا عمل متاثر ہوتا ہے اور علاقائی بے چینی جنم لیتی ہے۔ اس لیے ترقیاتی منصوبوں کے انتخاب اور فنڈز کی تقسیم میں شفافیت، میرٹ اور قومی مفاد کو ہمیشہ ترجیح دینی چاہیے۔

قانون کی بالادستی اور امن وامان کسی بھی ملک کی پائیدار ترقی کے بنیادی ستون ہیں۔ جب قانون سب کے لیے یکساں ہو، انصاف بروقت ملے اور ریاستی ادارے کسی سیاسی یا ذاتی دباؤ کے بغیر اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، تب ہی معاشرے میں امن، استحکام اور عوام کا اعتماد قائم رہتا ہے۔ امن وامان کی بہتر صورتحال نہ صرف شہریوں کو تحفظ کا احساس دلاتی ہے بلکہ کاروباری سرگرمیوں، ملکی و غیرملکی سرمایہ کاری، صنعت، سیاحت اور معاشی ترقی کو بھی فروغ دیتی ہے۔ اس کے برعکس جہاں قانون کی بالادستی کمزور ہو اور بدامنی، دہشت گردی یا جرائم میں اضافہ ہو، وہاں ترقی کا عمل سست پڑ جاتا ہے۔ اس لیے حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے کہ قانون کی حکمرانی کو یقینی بنائے، امن وامان برقرار رکھے اور ہر شہری کی جان، مال اور عزت کا مکمل تحفظ فراہم کرے، کیونکہ محفوظ اور پُرامن معاشرہ ہی ترقی یافتہ قوم کی پہچان ہوتا ہے۔

کرپشن، سیاسی مداخلت اور کمزور احتساب کسی بھی ملک کی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ جب فیصلے میرٹ کے بجائے ذاتی یا سیاسی مفادات کی بنیاد پر کیے جائیں تو ترقیاتی منصوبے اپنے اصل مقاصد حاصل نہیں کر پاتے، قومی وسائل ضائع ہوتے ہیں اور عوام کا اعتماد بھی مجروح ہوتا ہے۔ ایسی صورتحال میں نئے صوبے یا انتظامی تبدیلیاں بھی مطلوبہ نتائج نہیں دے سکتیں، کیونکہ مسئلہ انتظامی حدود کا نہیں بلکہ نظام کی کمزوری کا ہوتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ریاستی اداروں کو مضبوط، خودمختار اور جوابدہ بنایا جائے، احتساب کو شفاف اور غیر جانبدار رکھا جائے اور قانون کی بالادستی کو عملی طور پر یقینی بنایا جائے۔

تعلیم، صحت اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کے بغیر کوئی بھی قوم پائیدار ترقی حاصل نہیں کر سکتی۔ اگر ایک ملک اپنے شہریوں کو معیاری تعلیم، جدید فنی مہارتیں، بہتر طبی سہولیات، صاف پینے کا پانی، جدید ٹیکنالوجی تک رسائی اور روزگار کے مناسب مواقع فراہم کرے تو اس کا انسانی سرمایہ مضبوط ہوتا ہے، جو معاشی، سماجی اور اقتصادی ترقی کی بنیاد بنتا ہے۔ اسی لیے حکومتوں کو انتظامی مباحث کے بجائے تعلیم، تحقیق، جدت، ہنرمندی اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو فروغ دینے پر زیادہ توجہ دینی چاہیے، کیونکہ پائیدار ترقی کا اصل سرمایہ انسان ہوتا ہے۔

اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ آئین کی روح کے مطابق صوبوں اور مقامی حکومتوں کو مکمل سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات منتقل کیے جائیں۔ ضلع، تحصیل اور یونین کونسل کی سطح پر بااختیار ادارے عوام کے زیادہ قریب ہوتے ہیں، اس لیے وہ مقامی ضروریات کو بہتر انداز میں سمجھ سکتے ہیں اور روزمرہ مسائل کو زیادہ مؤثر طریقے سے حل کر سکتے ہیں۔ مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے سے نہ صرف عوامی خدمات کا معیار بہتر ہوگا بلکہ احتساب اور شفافیت میں بھی اضافہ ہوگا۔

دنیا کے کسی بھی ملک کی ترقی کا انحصار صوبوں یا انتظامی اکائیوں کی تعداد پر نہیں بلکہ حکمرانی کے معیار پر ہوتا ہے۔ بہت سے ممالک محدود انتظامی ڈھانچے کے باوجود مضبوط معیشت، معیاری تعلیم، بہتر صحت اور مؤثر عوامی خدمات کی بدولت ترقی یافتہ بن چکے ہیں، جبکہ کئی ممالک میں زیادہ صوبے یا ریاستیں ہونے کے باوجود عوام آج بھی غربت، بے روزگاری، کمزور بنیادی ڈھانچے اور بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار ہیں۔ ناروے، سویڈن، فن لینڈ، کینیڈا، سنگاپور، جاپان اور جنوبی کوریا جیسے ترقی یافتہ ممالک اس حقیقت کا واضح ثبوت ہیں کہ مضبوط ادارے، شفاف حکمرانی، مؤثر منصوبہ بندی اور قانون کی بالادستی انتظامی اکائیوں کی تعداد سے کہیں زیادہ اہم ہوتی ہے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ ترقی کا اصل راز مضبوط اداروں اور اچھی حکمرانی میں پوشیدہ ہے، نہ کہ محض انتظامی حدود میں تبدیلی لانے میں۔

یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ پاکستان ایک وفاقی ڈھانچے پر قائم ملک ہے، جہاں صوبے اس کی بنیادی آئینی اکائیاں ہیں۔ آج ملک کو کئی اہم چیلنجز کا سامنا ہے۔ آزاد کشمیر کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور امن وامان کے مسائل قومی سلامتی کے لیے ایک بڑا چیلنج بنے ہوئے ہیں، جہاں سیکیورٹی فورسز کے جوان اور عام شہری روزانہ جانی نقصان اٹھا رہے ہیں۔ ایسی صورتحال میں قومی یکجہتی، سیاسی استحکام اور وفاقی ہم آہنگی کو مزید مضبوط کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسے وقت میں نئے صوبوں کے حوالے سے سیاسی تنازعات پیدا کرنے کے بجائے قومی سلامتی، معاشی بحالی اور عوامی فلاح پر توجہ دینا زیادہ دانشمندانہ ہوگا۔ یہ بھی ذہن میں رہنا چاہیے کہ کسی بھی آئینی یا انتظامی تبدیلی کا فیصلہ جذبات یا عارضی سیاسی مفادات کے بجائے قومی مفاد، آئینی تقاضوں، معاشی حقائق اور وسیع اتفاقِ رائے کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ ایسے فیصلے اسی وقت سودمند ثابت ہوتے ہیں جب ان کا مقصد عوام کی بھلائی، وفاق کی مضبوطی اور قومی استحکام ہو۔

آخر میں یہ کہنا مناسب ہوگا کہ پاکستان کی ترقی کا انحصار نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام پر نہیں بلکہ اچھی حکمرانی، مضبوط وفاق، بااختیار صوبوں، فعال مقامی حکومتوں، شفاف احتساب، قانون کی بالادستی، معیاری تعلیم، بہتر صحت، مضبوط معیشت، امن وامان اور قومی یکجہتی پر ہے۔ قومیں اپنے نقشے تبدیل کرنے سے نہیں بلکہ اپنے اداروں کو مضبوط بنانے، انصاف کو یقینی بنانے، انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کرنے اور عوام کا اعتماد بحال کرنے سے ترقی کرتی ہیں۔ اگر پاکستان ان بنیادی شعبوں پر سنجیدگی سے توجہ دے تو ملک کے ہر صوبے، ہر شہر اور ہر گاؤں تک ترقی کے ثمرات پہنچ سکتے ہیں اور پاکستان ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال وفاقی ریاست کے طور پر آگے بڑھ سکتا ہے، کیونکہ قوموں کی ترقی صوبوں کو تقسیم کرنے سے نہیں بلکہ مضبوط اداروں، اچھی حکمرانی، قومی اتحاد اور عوام دوست پالیسیوں سے ہوتی ہے۔

دنیا عالمی اور ایٹمی جنگ کی دہلیز پر؟

فضل حسین اعوان

گزشتہ چند برسوں کے دوران دنیا میں رونما ہونے والے واقعات نے بین الاقوامی نظام کو ایک ایسے موڑ پر لا کھڑا کیا ہے جہاں یہ سوال شدت سے اٹھایا جا رہا ہے کہ کیا دنیا تیسری عالمی جنگ کے دہانے پر کھڑی ہے؟ اگرچہ ابھی تک کسی ریاست نے باضابطہ طور پر عالمی جنگ کا اعلان نہیں کیا، لیکن مختلف خطوں میں جاری تنازعات، بڑی طاقتوں کی بڑھتی ہوئی رقابت اور فوجی اتحادوں کی سرگرمیوں نے عالمی امن کے بارے میں شدید خدشات پیدا کر دیے ہیں۔

مشرقِ وسطیٰ میں ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی نے خطے کو مسلسل عدم استحکام سے دوچار رکھا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف مختلف نوعیت کی فوجی کارروائیوں اور ایران کی طرف سے امریکہ کے اتحادی ممالک، گروہوں یا امریکی مفادات کے خلاف جوابی اقدامات نے اس تنازع کو خطرناک مرحلے میں داخل کر دیا ہے۔ اس کشیدگی کے اثرات صرف انہی تین ممالک تک محدود نہیں رہے بلکہ خلیجی خطہ بھی اس کی لپیٹ میں آ چکا ہے۔ ایران اور امریکہ کی کشمکش کے باعث کویت، قطر، متحدہ عرب امارات، عمان، اردن اور سعودی عرب جیسے ممالک مختلف سطحوں پر اس بحران سے متاثر ہوئے ہیں۔ اگرچہ ان ممالک نے اپنے اوپر حملے ہونے کے باوجود براہِ راست جنگی فریق بننے سے گریز کیا ہے، لیکن ان کی سرزمین پر موجود امریکی اڈے، فضائی حدود، دفاعی تعاون اور علاقائی سیاسی پوزیشن انہیں اس تنازع کا ایک اہم حصہ بنا دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس بحران کو صرف تین ممالک کی جنگ نہیں بلکہ پورے خطے کو اپنی گرفت میں لینے والا تصادم قرار دیا جاتا ہے۔ اسی دوران یمن میں سرگرم حوثی گروہ کی کارروائیوں نے بھی حالات کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔ بحیرہ احمر میں جہاز رانی، سعودی عرب پر حملوں اور ان کے جواب میں ہونے والی فوجی کارروائیوں نے یہ واضح کر دیا کہ خطے کی ایک جنگ دوسرے محاذوں کو بھی متاثر کر رہی ہے۔ عراق اور شام میں موجود مختلف مسلح گروہوں اور امریکی مفادات کے خلاف ہونے والی کارروائیوں نے بھی کشیدگی میں اضافہ کیا، جبکہ امریکہ نے کئی مواقع پر ان گروہوں کو نشانہ بنایا۔

اس بحران کا ایک اور پہلو روس اور یوکرین کی جنگ سے جڑتا ہے۔ مغربی ممالک مسلسل یہ مو?قف اختیار کرتے رہے ہیں کہ روس اور ایران کے درمیان عسکری تعاون بڑھ رہا ہے، جبکہ روس ان الزامات کو مسترد کرتا ہے۔ دوسری جانب یوکرین نے بھی ایران پر روس کی مدد کرنے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ اس صورتِ حال نے یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کے دو الگ الگ محاذوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دیا ہے۔

امریکہ اور اس کے اتحادی کئی مواقع پر یہ عندیہ دیتے رہے ہیں کہ چین بھی سفارتی یا معاشی سطح پر ایران اور روس کے قریب ہے، اگرچہ چین خود کو مذاکرات اور سفارت کاری کا حامی قرار دیتا ہے۔

یہی وہ صورتحال ہے جس نے دنیا کو ایک غیر معمولی دور میں داخل کر دیا ہے۔ ایک طرف مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی ہے، دوسری جانب روس اور یوکرین کی جنگ جاری ہے۔ ادھر جنوبی بحیرہ? چین میں چین اور تائیوان کے درمیان تناو? برقرار ہے، جبکہ شمالی کوریا بھی مسلسل میزائل تجربات اور جنگی بیانات کے ذریعے خطے میں بے چینی پیدا کر رہا ہے۔ بظاہر یہ الگ الگ تنازعات ہیں، لیکن عالمی طاقتوں کی شمولیت انہیں ایک دوسرے سے جوڑ رہی ہے۔ اگر یہی سلسلہ جاری رہا اور مزید ممالک براہِ راست ایک دوسرے کے خلاف میدانِ جنگ میں اتر آئے تو دنیا ایک ایسی جنگ کی طرف بڑھ سکتی ہے جسے عملی طور پر عالمی جنگ قرار دیا جا سکے۔ بعض ماہرین کے نزدیک عالمی جنگ صرف اس وقت نہیں ہوتی جب تمام ممالک ایک ہی محاذ پر لڑ رہے ہوں، بلکہ جب مختلف خطوں میں بڑی طاقتیں ایک دوسرے کے خلاف مختلف محاذوں پر برسرِ پیکار ہوں تو اسے بھی عالمی نوعیت کا تصادم قرار دیا جا سکتا ہے۔ جہاں تک ایٹمی جنگ کا تعلق ہے تو اس کا امکان فی الحال کم دکھائی دیتا ہے، کیونکہ تمام بڑی ایٹمی طاقتیں جانتی ہیں کہ ایسی جنگ میں کوئی بھی فاتح نہیں ہوگا۔ تاہم تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ بعض اوقات ایک معمولی واقعہ، غلط اندازہ، تکنیکی خرابی یا کسی تیسرے فریق کی اشتعال انگیزی بڑے تصادم کا سبب بن سکتی ہے۔ یہی خدشہ اس وقت دنیا کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے۔

دوسری جنگِ عظیم سے قبل بھی دنیا میں یہی تاثر موجود تھا کہ بڑی طاقتیں مکمل جنگ سے گریز کریں گی، لیکن چند برسوں میں حالات اس قدر بگڑے کہ پوری دنیا جنگ کی لپیٹ میں آ گئی۔ پرل ہاربر پر جاپانی حملہ اس جنگ کا ایک اہم موڑ ثابت ہوا۔ آج بھی مو?رخین اس پر بحث کرتے ہیں کہ اس حملے کے پس منظر میں صرف جاپانی حکمتِ عملی تھی یا عالمی طاقتوں کی سیاسی چالیں بھی کسی نہ کسی صورت اس میں شامل تھیں۔ تاہم یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ پرل ہاربر کے بعد امریکہ جنگ میں پوری قوت کے ساتھ شامل ہوا اور بعد میں ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹمی بم گرا کر انسانی تاریخ کا وہ باب رقم کیا جس پر آج بھی اخلاقی، قانونی اور تاریخی بحث جاری ہے۔

ایٹم بم بلاشبہ تباہی اور بربادی کی علامت سمجھا جاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ اسے ڈیٹرنس بھی مانا جاتا ہے۔ جاپان کے پاس اس دور میں ایٹم بم ہوتا تو یقینی طور پر امریکہ جاپان پر اسی طرح کا جوابی حملہ ہونے کے خدشے کے باعث ایٹم بم نہ گراتا۔ امریکہ کے پاس ان دنوں دو ہی ایٹم بم تھے جو اس نے چلا دیئے تاہم جاپان کو دھمکی دی کہ وہ مزید بھی ایٹم بم چلائے گا۔ جاپان کو علم ہوتا کہ امریکہ کے پاس دو ہی ایٹم بم ہیں تو وہ مکمل سرنڈر نہ کرتا۔ اج معاملات عالمی جنگ کی طرف تو ضرور بڑھتے دکھائی دے رہے ہیں مگر ایٹمی جنگ کا امکان کئی ممالک کے پاس ایٹم بم ہونے کے باعث نہ ہونے کے برابر ہے۔ تاہم یہ خطرہ اپنی جگہ پر بدستور موجود ہے کہ کوئی شرارتی ذہن دنیا کی تباہی اور بربادی کا تہیہ نہ کر لے۔ تاریخ کا سبق یہی ہے کہ جنگیں اکثر وہاں سے شروع نہیں ہوتیں جہاں دنیا کی نظریں لگی ہوتی ہیں، بلکہ ایک غیر متوقع واقعہ پورے عالمی نظام کو ہلا کر رکھ دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج جب مشرقِ وسطیٰ، یورپ اور ایشیا کے مختلف خطوں میں بیک وقت کشیدگی موجود ہے تو عالمی برادری کے لیے سفارت کاری، مذاکرات اور تحمل کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ دنیا واقعی ایک نازک دور سے گزر رہی ہے۔ یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ تیسری عالمی جنگ ناگزیر ہے یا ایٹمی جنگ ہونے والی ہے، لیکن یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ موجودہ حالات میں ایک غلط فیصلہ، ایک غیر متوقع حملہ یا کسی تیسرے فریق کی اشتعال انگیزی پوری دنیا کو ایسے بحران میں دھکیل سکتی ہے جس کے نتائج نسلوں تک محسوس کیے جائیں گے۔ تاریخ کے اس موڑ پر عالمی قیادت کے لیے طاقت کے بجائے دانش، انتقام کے بجائے سفارت کاری اور جنگ کے بجائے امن کو ترجیح دینا ہی انسانیت کے مستقبل کی ضمانت بن سکتا ہے۔

☆☆☆☆

شخصیت

شیخ الحدیث مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ

گوشہ چمن
03337752774
حافظ محمد صدیق مدنی
siddique.madani@gmail.com

اللہ تعالیٰ کا امت مسلمہ پر یہ بڑا اکرم ہے کہ ہر دور میں وہ اپنے دین کی حفاظت، تبلیغ، اشاعت اور دفاع کا کام اپنے منتخب بندوں سے لیتا رہا ہے۔ اس طرح ایک طرف کتاب وسنت کے ابدی رہنماء اصول ہر دور میں اجاگر ہوتے رہتے ہیں اور دوسری طرف حق کے متلاشی حضرات کی رہنمائی ہوتی رہتی ہے ساتھ ہی مسلمانوں کی اصلاح کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ تاریخ اسلام کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ علمائے امت اور صلحائے امت صدیوں سے اس خدمت میں مصروف ہیں۔ کتاب وسنت کی تبلیغ واشاعت، علوم کی ترویج، فنون کی تدوین، مسائل کے استنباط اور نتائج کے استخراج کے عظیم خدمات کا ہی نتیجہ ہے کہ آج دین کے اصولوں اور جزئیات کا زبردست ذخیرہ ملت اسلامیہ کے پاس موجود ہیں یہ سب حضور کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اس تربیت کا نتیجہ ہے جس سے صحابہ کرامؓ فیض یاب ہوئے۔ اور انہوں نے یہ اثاثہ تابعین کو اور انہوں نے تبع تابعین کو منتقل کیا اور علمائے حق آج تک اس مبارک اور عظیم ورثے کی حفاظت کرکے اسے آئندہ نسلوں کو منتقل کر رہے ہیں۔

عجب قیامت کا حادثہ ہے، آستیں نہیں ہے
زمین کی رونق چلی گئی ہے، افق پہ مہر مبین نہیں
تری جدائی سے مرنے والے، وہ کون ہے جو
حزیں نہیں ہے
مگر تری مرگ ناگہاں کہ اب تک یقین نہیں ہے

جمعیت علماء اسلام س پاکستان کے سابق مرکزی سالار اعلیٰ اور بلوچستان کے قدیم اور معروف دینی درسگاہ الجامعہ بحرالعلوم جامع مسجد نور گھوڑا اسپتال روڈ چمن کے بانی ومہتمم حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ ایسی شخصیت تھے کہ اس کے شجر سایہ دار تلے پہنچ کر ہر کس وناکس راحت وسکون پا سکتا تھا۔ پورے پاکستان میں آپؒ کو مولانا چمنی صاحب کے نام سے پہچانا جاتا تھا۔ حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ کی شخصیت ایسی دل نواز، حیات افروز اور ایسی باغ و بہار تھی کہ جس کی خصوصیات کو ایک مختصر تحریر میں سمانا مشکل ہے۔ ہر فن میں اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک خاص ملکہ عطاء فرمایا تھا۔ زندگی کے آخر میں حدیث کے فروغ میں بہت خدمت کی اور اس فن حدیث میں پورے پاکستان اور افغانستان میں اچھے اساتذہ علمائے کرام ہیں ان میں سے تھے۔ شیخ الحدیث مولانا فتح محمد چمنی صاحبؒ ہر فن کی معلومات کا خزانہ تھے، وقت مناظر اسلام تھے،

حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ خوبصورت، درمیانہ قد، سفید ریش بزرگ تھے۔ کوئی اگر آپ کو دیکھتا تا آنکھ ہٹانے کو اس کا دل نہ چاہتا۔ رنگ گوراسرخی مائل تھا۔ چہرے سے نورانیت ٹپکتی تھی، ڈاڑھی پوری سنت کی مطابق تھی، چہرہ بارعب تھا۔ غصے کے وقت ان کے چہرے پر جلال کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ بات کرتے تو ہر کوئی ان کی گفتگو سے ان کا گرویدہ ہو جاتا۔ صاف صاف الفاظ میں گفتگو فرماتے، جس سے کوئی بھی ان کی بات سمجھے بغیر نہیں رہتا۔ شیخ الحدیث مولانا فتح محمد چمنی کو اللہ تعالیٰ نے جو خطابت کا ملکہ عطاء فرمایا تھا وہ اہل عجم میں شاذونادر ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ خاص طور پر پشتو اور اردو تقریریں، جو اتنی بے ساختہ، سلیس، رواں اور شگفتہ ہیں کہ ان کے فقرے فقرے پر ذوق سلیم کو حظ ملتا ہے۔ ان میں قدیم وجدید اسالیب اس طرح سے جمع ہو کر یکجان ہو گئے ہیں کہ سننے والے جزالت وسلالت دونوں کا لطف ساتھ ساتھ محسوس کرتا۔ حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ کا شمار ایسے ہی علمائے حق میں ہوتا ہے جنہوں نے پوری زندگی علوم دینیہ کی خدمت اور امت مسلمہ کی اصلاح میں صرف فرمائی۔ وہ نہ صرف مفسر عہد مدبر عصر، عالم بے بدل، فاضل اجل اور فقیہ دوراں تھے بلکہ راہ سلوک کے بے مثل امام تھے۔ ان کی وفات سے نہ صرف علمی دنیا اجڑ گئی بلکہ دنیائے سلوک کا آفتاب غروب ہو گیا۔ وہ حقیقت میں ہمارے عظیم اسلاف کی یادگار تھے۔ وہ عالموں کے عالم تھے ان کی زندگی ہم سب کیلئے مشعل راہ اور نمونہ ہدایت تھی ان پر شاعر مشرق علامہ اقبال کا یہ شعر بالکل صادق آتا ہے

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ المعروف مولانا چمنی صاحب صوبہ بلوچستان کے شہر چمن میں 1953 میں حاجی کرم خان کاکوزئی کے گھر گھوڑا اہسپتال چوک چمن میں پیدا ہوئے۔ 1961 میں تعلیم کے حصول کا آغاز کیا اور ابتدائی تعلیم کلی ارمی کاکوزئی قلعہ عبداللہ میں اپنے دو ماموں مولوی عبدالستار نوراللہ مرقدہ اور مولوی محمد میر نوراللہ مرقدہ اور اپنے آبائی وطن چمن میں جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر اور سابق ممبر قومی اسمبلی شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالغنی شہید نوراللہ مرقدہ اور کلی لاجور گلستان میں پیر سید حاجی علی آغا اور سید قطب الدین آغا صاحبان سے حاصل کی اور بعد ازاں 1972 میں اعلیٰ تعلیم کیلئے مدرسہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اور مدرسہ اشرف العلوم باغبانپورہ گوجرانوالہ گئے وہاں شیخ الحدیث، استاد العلماء اور بانی دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا عبدالحق نوراللہ مرقدہ اور ممبر قومی اسمبلی قاضی حمیداللہ جان سے پڑھتے رہے۔ آخر میں بیماری کی وجہ سے 1980 میں آخری دورہ حدیث مدرسہ مطلع العلوم کوئٹہ سے کر کے دینی علوم سے فراغت حاصل کی۔ مولوی صاحب مرحوم نے 1980 سے دو اگست 2022 تک تدریسی خدمات کیساتھ سیاسی اور سماجی خدمات بھی سرانجام دیتے رہے۔ دو اور تین اگست کے درمیانی شب ساڑھے دو بجے پر دل کی دورہ پڑنے اور کوئٹہ کے سول ہسپتال میں انتقال فرما گئے۔

اناللہ وانا الیہ راجعون

حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ انہی عظیم ہستیوں میں سے ایک ہیں جن سے اللہ رب العزت نے بڑے بڑے کام لئے جن کا وجود پورے ملک کیلئے ایک عظیم نعمت تھا جن کے کردار پر آج تک کوئی انگشت نمائی نہیں کر سکا دوست تو دوست دشمن بھی انکے کردار کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکے۔ ذاتی اوصاف سے مولانا صاحب ایک بلند پایہ انسان تھے ہر لحظہ مسکرانے کی عادت مزاج میں نرمی، طبیعت میں انکسار، استقامت، عزیمت، علم، حلم ووقار، تدبر، فراست، ذہانت اور اخلاق کو گوندھ کر اگر انسانی وجود تیار کیا جائے تو وہ حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ ہوں گے۔ حضرت کی زندگی کے تمام گوشے آج ہمارے سامنے ہیں۔ بظاہر تو ہر کوئی دینداری و پاکبازی کا دعویدار ہوتا ہے، لیکن حقیقت کی کسوٹی پر کچھ ہی لوگ اتر پاتے ہیں اسی کیساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ آج دنیا میں صاحب دل اور خداترس لوگوں کی کمی ضرور ہیں لیکن نایاب نہیں۔ کائنات کا وجود ہی ایسی لوگوں کے دم سے ہیں جن کے دل خوف خدا سے لبریز ہوں اور جن کے دماغ پر ہمہ وقت آخرت کا فکر سوار ہو، جن کے زبانیں ذکر الٰہی سے تروتازہ اور جن کی ہر حرکت اور زندگی کے ہر ہر سانس اطاعت الٰہی اور سنت نبوی کا نمونہ ہو۔ انھیں عظیم انسانوں میں ایک نام حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ کا نمایاں ہے اور وہ ایک عظیم انسان اور ایک ہمہ جہت شخصیت تھے۔ ان کے دل میں اللہ رب العزت اور اس کے رسول حضور کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت، ملت اسلامیہ کا درد اور پوری انسانیت سے خیرخواہی کا جزبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ دراصل حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ کی شخصیت کی تصویر اتنی پھیلی ہوئی ہے اور اسکے درخشاں گوشے سامنے ہیں کہ ان سب کا احاطہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ مولانا صاحب کے اندر ایک داعی حق، ایک متکلم اسلام، ایک مفکر حیات، ایک ادیب، ایک سیاسی قائد، ایک تنظیم کار اور ایک بیباک مجاہد بیک وقت جمع تھے۔ ان کی شخصیت سیاسی وتاریخی اور علمی وانقلابی ہر دو لحاظ سے بے حد اہم ہے۔ اور پھر اس کیساتھ حسن کردار کے اجتماع نے ان کو اپنے دور کی ایک عبقری شخصیت بنا دیا ہے مگر کسی ایسی جامع شخصیت کے حسن کو دوسروں تک منتقل کرنا ٹیڑی کھیر ہے۔ اسکے یہ معنی نہیں کہ اس کام کو کیا ہی نہ جائے۔ کوشش ہی کی راہ کامیابی کی منزل کو جاتی ہے۔

حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ کی انتہائی نمایاں خصوصیت تھی کہ سیاست اور علاقائی مصروفیات میں اس درجہ انہماک کے باوجود ان کا علمی استحصار اور علمی ذوق پوری طرح برقرار رہا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ اپنے زندگی میں نظریہ سیکولرزم کے بہت مخالف تھے۔ سیکولرزم نظریے کیخلاف ایک کتاب بھی تصنیف کی تھی۔ جب کبھی کسی علمی مسئلے کی بات آتی تو معلوم ہوتا کہ اس کے تمام مالہ وما علیہ پوری طرح مولانا صاحب کے نگاہ میں ہیں اور جب اس موضوع پر بات کرتے تو ایسا محسوس ہوتا جیسے کسی علمی کتاب کا درس ہو رہا ہے۔ بلوچستان کے شہر چمن کا ایک قدیم دینی اور تعلیمی ادارہ مدرسہ بحرالعلوم چمن گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں ایک تعزیتی ریفرنس بیاد مولانا فتح محمد چمنی کانفرنس سے حضرت مولانا مفتی فدا محمد، مولانا ندا محمد حقانی اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت مولانا فتح محمد چمنی نوراللہ مرقدہ جامع الکمالات انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں سے انہیں نوازا تھا۔ میں نے اپنی زندگی میں کسی عالم دین میں بیک وقت اتنے کمالات جمع نہیں دیکھے۔ آپ بہت بڑے محدث، فقہی، فن منطق کے ماہر فلسفی، اصول پسند، فصیح و بلیغ ہونے کیساتھ ایک عظیم مقرر بھی تھے۔ مجمع میں تمام حاضرین کو اپنے دلائل اور اخلاص سے متاثر کر لیا کرتے تھے کسی کو تابع وگرویدہ بنانا انہی کا کام تھا۔ آپ ظاہری و باطنی، دینی و دنیاوی، علمی اور غیر علمی کے تمام خوبیوں کا مجموعہ تھے۔ بہرحال آپ کی پوری زندگی خدمت اسلام میں گزری اور نہایت لطیف مزاج کے مالک تھے اور آپ کا ہم سے جدا ہونا ایک صبر آزما سانحہ ہے جس میں چشم ماتم گسار خدا جانے کب تک اشک بار رہے گی اور موت کے ظالم ہاتھوں نے ایک ایسی ہستی کو ہم سے جدا کر دیا جس سے ملک کے تمام مذہبی لوگ ہدایت حاصل کرتے تھے۔

اللہ رب العزت ہمیں ان کے اسلامی نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطاء فرمائیں۔

☆☆ (آمین ثم آمین) ☆☆

شہادت کا مرتبہ اور گاذر قبیلے کا فخر * حافظ محمد رفیق گاذر شہید



وطن کی مٹی گواہ رہنا

_وہ شہید ہیں جو زندہ ہیں ہر دور میں
ان کی قربانی کی خوشبو ہے ہر طور میں_

قومیں اپنی بقا کے لیے جو قربانیاں دیتی ہیں وہ تاریخ کا حصہ بن جاتی ہیں۔ اسلام کی تاریخ شہادتوں سے بھری پڑی ہے۔ کربلا سے لے کر پاکستان کے قیام تک، اور قیام پاکستان سے لے کر آج تک... ہر دور میں اس مٹی کے بیٹوں نے اپنے لہو سے وطن کی آبیاری کی ہے۔

جب بات وطن کے دفاع کی ہو تو شہادت سے بڑا کوئی مرتبہ نہیں۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے انہیں مردہ نہ سمجھو، بلکہ وہ زندہ ہیں، اپنے رب کے پاس رزق پا رہے ہیں۔)

یہی آیت آج تونسہ شریف کے نواحی علاقہ مٹھیوالی کے بہادر بیٹے حافظ محمد رفیق گاذر کی شہادت پر ایک بار پھر سچ ثابت ہوئی۔

شہادت کی خبر

31 جولائی 2026 کی شام ایک افسوناک خبر نے پورے گاذر قبیلے کو غم کی چادر میں لپیٹ دیا۔ فرنٹیئر کور بلوچستان میں مادرِ وطن کی حفاظت کے فرائض سرانجام دیتے ہوئے حافظ محمد رفیق گاذر نے دہشت گردوں سے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا۔

راقم الحروف گاذر سلطان ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر نے شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

"ہمیں اپنے قبیلے کے اس نوجوان پر فخر ہے جس نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے ملک پاکستان کی حفاظت کو یقینی بنایا۔ شہید حافظ محمد رفیق گاذر نے مادرِ وطن پاکستان کے دفاع کے لیے اپنی جان قربان کر کے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ ایسے بہادر سپوت پوری قوم کا سرمایہ اور فخر ہیں، جن کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔"

انہوں نے مزید کہا: "شہداء کی یہ عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پاک فوج کے جوانوں کی بے مثال قربانیوں کی بدولت وطنِ عزیز محفوظ ہے، اور پوری قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے۔"

_نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشتِ ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی_

تونسہ کے 3 لال وطن پر قربان

یہ صرف ایک شہادت نہیں۔ یہ ایک تسلسل ہے۔ گزشتہ چند ماہ میں تحصیل تونسہ شریف نے 3 بہادر بیٹے وطن پر قربان کیے ہیں:

1. نائیک غلام فرید شادیوالہ - 16 دسمبر 2025
2. سپاہی محمد اسرار لاشاری - 2 جولائی 2026
3. حافظ محمد رفیق گاذر - 31 جولائی 2026

یہ تینوں نام اس بات کے گواہ ہیں کہ تونسہ کی مٹی بہادروں کی مٹی ہے۔ یہاں کی فضا میں وفا، غیرت اور حب الوطنی کی خوشبو بسی ہوئی ہے۔ لیکن ہر شہادت کے ساتھ ایک سوال بھی جنم لیتا ہے۔ ہر شہید کے پیچھے ایک غمزدہ ماں، ایک سفید ریش باپ، بہنیں، بھائی، بیوی اور معصوم بچے ہوتے ہیں، جن کا دکھ کبھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا۔

موجودہ ملکی حالات اور قوم سے اپیل

آج پاکستان دہشت گردی کی ایک نئی لہر کا سامنا کر رہا ہے۔ بلوچستان سے لے کر خیبر تک، ہمارے جوان روزانہ کی بنیاد پر اپنی جانیں دے رہے ہیں۔ شہداء کی ان قربانیوں کے تناظر میں اہل علاقہ اور گاذر قبیلہ حکومتِ پاکستان، سیکیورٹی اداروں اور پوری قوم سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ:

1. دہشت گردی کے نیٹ ورک کا مکمل خاتمہ کیا جائے
2. سرحدوں اور اندرونِ ملک امن وامان کو فول پروف بنایا جائے
3. شہداء کے لواحقین کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں

تاکہ آئندہ کسی ماں کی گود نہ اجڑے اور کسی گھر کا چراغ نہ بجھے۔

گاذر قبیلہ اپنے اس شہید پر فخر کرتا ہے اور شہید کے اہل خانہ کے ساتھ دکھ کی اس گھڑی میں برابر کا شریک ہے۔

اختتامیہ دعا

آخر میں دل کی گہرائیوں سے دعا ہے:

اللہ تعالیٰ شہید حافظ محمد رفیق گاذر سمیت تمام شہداء کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل دے اور پاکستان کو ہمیشہ امن، استحکام اور سلامتی کا گہوارہ بنائے۔ آمین ثم آمین

_شہادت ہے مطلوب ومقصود مومن
نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی_

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن

بقیہ 1

سربراہی میں پانچ رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دی، کمیٹی 30جولائی کو سورینج میں ہونیوالے نجی کوئلہ کی کان حادثے کے اسباب اور عوامل کے علاوہ زمہ داروں کا تعین کرے گی، اس کے علاوہ کمیٹی متعلقہ حکام کی جانب سے سرزد ہونے والی کسی بھی غفلت یا کوتاہی کی بھی نشاندہی کرے گی، کمیٹی اپنی رپورٹ ایک ہفتے کے اندر جمع کرائے گی، محکمہ معدنیات سورینج کوئلہ کان حادثے کی تحقیقات کیلئے کورٹ آف انکوری کا اعلان بھی ایک سے دو روز میں کرے گا، اسی طرح وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سورینج میں کان حادثہ کی وجوہات جانے اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کیلئے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو تحقیقات کیلئے مراسلہ لکھ دیا ہے سی ایم آئی ٹی کو دو ہفتوں میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 2

واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ خودکش حملہ آور پولیس کمپاؤنڈ میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا تاہم ڈیوٹی پر تعینات پولیس جوانوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسے مرکزی گیٹ پر ہی روک لیا۔ اس دوران خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا، جس سے زوردار دھماکہ ہوا۔ آر پی او کے مطابق کمپاؤنڈ میں کبل پولیس اسٹیشن، پولیس لائن کبل، سہولت مرکز اور دیگر اہم سرکاری دفاتر قائم ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حملے میں شہید ہونے والوں میں 5 پولیس اہلکار اور 8 شہری شامل ہیں، زخمیوں کو فوری طور پر قریبی ہسپتالوں کبل اور سیدو شریف ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا، جہاں بعض کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ واقعے کے بعد پولیس، بم ڈسپوزل یونٹ، ریسکیو 1122 اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ حملے کی تحقیقات مختلف پہلوؤں سے جاری ہیں اور پولیس نے ملزمان اور ان کے سہولت کاروں تک پہنچنے کے لیے کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ دوسری جانب شہدا کی میتیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کرنے کے بعد ضروری قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ دریں اثناء، سوات میں کبل تھانے کے باہر ہونے والے دھماکے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور اور دیگر حکام نے اظہار مذمت کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تھانہ کبل کے قریب خودکش حملے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کیا اور شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بہادر پولیس جوانوں نے جان دے کر خودکش بمبار کو تھانے کے اندر جانے سے روکا اور اپنی زندگیاں قربان کر کے دوسروں کی زندگیاں بچانے والے پولیس اہلکاروں نے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید پولیس اہلکاروں کی قربانی کو سلام پیش کرتا ہوں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعاگو ہوں۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے بھی سوات کے علاقے کبل میں پولیس اسٹیشن کے مین گیٹ پر ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور دھماکے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمی ہونے والے اہلکاروں اور دیگر افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیس کو نشانہ بنانے والے امن دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، پوری قوم اپنے بہادر پولیس اہلکاروں اور افواج پاکستان کے جوانوں کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، جو اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک میں امن کے قیام کو یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد اپنے بزدلانہ حملوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے اور نہ ہی امن دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب ہوں گے۔ گورنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 3

الخوارج ٹی ٹی پی کے دو دہشت گرد اور ضلع خیبر کے علاقوں درہ خیل اور بٹان میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اس حوالے سے بتایا گیا کہ سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی کے خلاف متعدد کارروائیاں مصدقہ انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں، جن کا مقصد علاقے کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنا اور امن و استحکام کو یقینی بنانا ہے، سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کی ویڈیو بھی جاری کی گئی ہے، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ کواڈ کاپٹر کے ذریعے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا، جو کہیں درختوں کی آڑ لیے ہوئے ہیں

بقیہ 4

ملک شینگل کے اہل خانہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مشکل وقت میں ان کے خاندان کا سہارا بن کر نہ صرف وعدہ پورا کیا بلکہ شہداء کے اہل خانہ کی دلجوئی کی ایک بہترین مثال بھی قائم کی۔

بقیہ 5

کورٹ آف انکوائری تشکیل دے دی گئی محکمہ معدنیات کا بھی محکمانہ سطح پر واقعہ کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ معدنیات کے ذرائع کے مطابق محکمہ معدنیات نے سورینج کوئلہ کان حادثے کی محکمہ تحقیقات کا فیصلہ کیا ہے اور تحقیقاتی کمیٹی متاثرہ کان کا دورہ کر کے اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

بقیہ 6

فوج جنگ بندی کے باوجود جس طرح اہداف کو نشانہ بنا رہی ہے اس سے شہری انفراسٹرکچر، ثقافتی ورثے اور مختلف طبقات کی یادگاریں سب مسمار ہو رہی ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور وزیر دفاع کاٹز نے اس تازہ تباہی کو بھی دہشت گردی کے مراکز اور سرنگوں کا نام دیا ہے۔ جو اس تاریخی قلعے بیوفورٹ کے گرد و پیش میں تھے، جسے اسرائیلی فوج نے کچھ ہی عرصہ پہلے قبضے میں لیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے تازہ تباہی کے لیے 700 ٹن بارود استعمال کیا ہے۔ یاد رہے یہ تاریخی قلعہ بھی یونیسکو کی اس فہرست میں شامل ہے جسے عالمی ورثے کی فہرست میں ہونے کے باوجود خطرے میں سمجھا جاتا ہے۔ لبنانی صدر جوزف عون کو بھی اس تباہی کی نئی واردات پر کہنا پڑا تھا کہ ان مقامات کو بارود سے اڑانا خطرناک کشیدگی کی انتہا ہے۔ نیز اس سے اس معاہداتی فریم ورک کو بھی خطرہ لاحق ہو گیا ہے جو پچھلے ماہ امریکہ کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔ اسرائیل کے ساتھ طے پائے معاہدے کے مطابق لبنانی فوج کو حزب اللہ کو غیر مسلح کرنا ہے اور اسرائیلی فوج کو لبنانی سرزمین کے پائلٹ زون قرار دیے گئے علاقے سے پیچھے ہٹنا ہے۔

بقیہ 7

میڈیا کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی اور ترک وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ اس موقع پر عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینے کے لیے تیار ہے، امریکا کی کسی بھی مہم جوئی پر سخت ردعمل دیا جائے گا۔ بعدازاں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بھی فون پر گفتگو کی ہے۔

بقیہ 8

کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق چھپری نریاب کے قریب 15 سے 18 خوارج کی نقل و حرکت دیکھی گئی، کارروائی کے دوران انتہائی مطلوب دہشت گرد کو ہلاک کر دیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ہلاک دہشت گرد مبینہ طور پر خزینہ باڈہ چیک پوسٹ حملے کا ماسٹر مائنڈ تھا۔ پولیس حکام کے مطابق 29 جولائی کو ہنگو کے خزینہ باڈہ پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں نے حملہ کیا تھا، حملے میں ڈی ایس پی سمیت 10 پولیس اہلکار شہید اور 28 زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ 9

کے ساتھ ہے۔ ٹرمپ نے دعوی کیا کہ ایران اور مشرق وسطی کے بعض دیگر ممالک نے امریکا سے حملہ روکنے کی درخواست کی ہے۔ ٹرمپ کے مطابق مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کو فوری، مکمل اور مستقل طور پر کھولنا اور ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق خدشات کا خاتمہ شامل ہے۔ ادھر ایرانی خبر رساں ایجنسی نے فوجی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ صدر ٹرمپ کا بیان بے بنیاد ہے اور اس میں کوئی صداقت نہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی فوجی حکام نے کہا کہ امریکا سے حملہ روکنے کی کوئی درخواست نہیں کی گئی اور اس حوالے سے سامنے آنے والے دعوے کو انہوں نے ایک نیا جھوٹ قرار دیا۔ ایرانی حکام کا کہنا تھا کہ ملک کی مسلح افواج مکمل طور پر چوکس ہیں اور کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ حکام کے مطابق ایران کی دفاعی فورسز کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے اور اگر کسی قسم کی جارحیت کی گئی تو اس کا مناسب جواب دیا جائے گا۔ جبکہ ایک انٹرویو میں مارکو روبیو نے کہا کہ امریکی حملوں سے ایران کی بحری اور فضائی صلاحیتوں، میزائل دفاعی نظام، میزائل لانچنگ تنصیبات اور اسلحہ سازی کے بعض مراکز کو نقصان پہنچا، جس کے باعث ایران کی عسکری صلاحیت متاثر ہوئی ہے۔ روبیو کے مطابق ان حملوں نے خطے کی صورتحال کو تبدیل کر دیا ہے اور اب امریکا ایران کے ساتھ مضبوط پوزیشن سے مذاکرات کر رہا ہے

بقیہ 10

پارٹی نے آخری انتخاب اس شہر سے 1970 میں جیتا تھا، پیپلز پارٹی کی پذیرائی ختم ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، کہیں کہیں نظر آ رہا تھا کہ دونوں پارٹیوں کی مشترکہ کاوش ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کا بائیکاٹ کیا ہے۔

بقیہ 11

ہونے بھی چاہئیں۔ خواجہ آصف نے مشورہ دیا کہ نمونے کے طور پر پی سی بی میں کوئی انقلاب لائیں کیونکہ کرکٹ کے شائقین پی سی بی کی پرفارمنس سے کوئی اتنے مطمئن نہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پی سی بی میں تو اقتدار کل آپ کے پاس ہے، نہ وزیراعظم ہے، نہ پارلیمنٹ ہے اور نہ کوئی فرسودہ سیاسی نظام رکاوٹ ہے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل وزیر داخلہ نے اپنے خطاب کہا کہ تھا کہ ملک کا موجودہ سسٹم تباہ ہو چکا ہے اور اس کے لیے ہمیں کچھ سوچنا پڑے گا۔

بقیہ 12

2026 میں طلبہ و طالبات کیساتھ خصوصی نشست میں قومی سلامتی، دہشتگردی اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر تفصیلی گفتگو کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خصوصی سیشن کے دوران طلبہ کے سوالات کے مدلل اور مفصل جوابات دیئے۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2026 میں شریک طلبہ و طالبات نے کہا کہ مس انفارمیشن، ڈس انفارمیشن، پروپیگنڈا اور غیر مصدقہ خبروں سے بچاؤ کے حوالے سے مؤثر رہنمائی فراہم کی گئی جبکہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی جامع اور معلوماتی گفتگو نے قومی سلامتی سے متعلق متعدد غلط فہمیوں اور ابہام کو دور کیا۔ انٹرنشپ میں موجود شرکاء نے بتایا کہ آزاد جموں و کشمیر کی صورتحال، بھارتی پروپیگنڈا اور پاکستان کے مؤقف پر تفصیلی بریفنگ نے زمینی حقائق کو سمجھنے میں مدد دی، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے متعلق ڈی جی آئی ایس پی آر کے حقائق پر مبنی مؤقف نے تمام تر ابہام کو ختم کر دیا۔ سمر انٹرن شپ 2026 کے شرکاء نے درست معلومات کے فروغ اور ملک دشمن پروپیگنڈے کا مؤثر مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 13

میں ایک الگ ڈرون حملے میں ایک فلسطینی ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔ خان یونس کے شمال مغرب میں القارا کے علاقے المواسی میں اسرائیلی حملے میں ایک اپارٹمنٹ کو نشانہ بنانے کے بعد ایک بچے سمیت تین فلسطینی ہلاک ہو گئے۔ غزہ شہر کے الصابرہ محلے میں، اسرائیلی حملے میں ایک فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے جب کہ شہر کے جنوب مغرب میں تل الحوا محلے میں ایک مکان کو نشانہ بنانے والے فضائی حملے میں مزید دو فلسطینی مارے گئے۔ وفا نے رپورٹ کیا کہ اسرائیلی گولہ باری نے دیر البلاح میں الاقصیٰ شہدا ہسپتال میں ادویات اور طبی سامان پر مشتمل ایک گودام کو بھی تباہ کر دیا، جس سے اس سہولت اور قریبی خیموں کو بہت نقصان پہنچا۔ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج نے متعدد علاقوں میں چھاپوں کے دوران 18 فلسطینیوں کو حراست میں لے لیا۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق صوبہ ہیبرون کے علاقے مسافر یطا کے گاؤں ختم الدراج سے 11 فلسطینی کارکنوں کو اسرائیلی فورسز نے تعاقب اور ان پر حملہ کرنے کے بعد حراست میں لیا

بقیہ 14

پارٹی کی جانب سے مبینہ دھاندلی اور بے ضابطگیوں کے الزامات عائد کئے گئے ہیں، کئی مقامات پر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کے درمیان تلخ کلامی بھی ہوئی۔ آزاد جموں و کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مہاجرین کیلئے مخصوص نشستوں پر لاہور سمیت پنجاب کے مختلف مقامات پر پولنگ ہوئی۔ گوجرانوالہ ایل اے 35 جموں 2 گوجرانوالہ پولنگ اسٹیشن نمبر 29 کے غیر حتمی غیر سرکاری نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے چوہدری اسماعیل گجر 94 ووٹ لے کر آگے رہے جبکہ آزاد امیدوار سردار غیاث 22 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے، پولنگ اسٹیشن نمبر 30 کے غیر غیر حتمی اور غیر سرکاری نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے چوہدری اسماعیل گجر 69 ووٹ لے کر آگے جبکہ آزاد امیدوار سردار غیاث 5 ووٹ لے کر پیچھے رہے۔ گجرات حلقہ ایل اے 38 جموں 5 کے غیر حتمی غیر سرکاری نتیجے کے مطابق 15 پولنگ اسٹیشن پر مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ذیشان یونس 1476 ووٹ لے کر پہلے نمبر پر، مسلم لیگ (ق) کے چوہدری محمد اکبر 1323 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ آزاد کشمیر عام انتخابات کے دوسرا مرحلہ میں وادی ایل اے 44 ضلع مری کے تمام 3 پولنگ اسٹیشنز نتائج میں غیر حتمی اور غیر سرکاری نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کلین سویپ کر گئی، مجموعی طور پر مسلم لیگ (ن) کے احمد رضا قادری 331 ووٹ لے کر پہلے نمبر پر رہے، پیپلز پارٹی کے محمد راشد اسلام بٹ 117 ووٹ حاصل کر کے دوسرے نمبر پر آئے، (ن) لیگ کے احمد رضا قادری نے مری سے پیپلز پارٹی کے امیدوار کو 214 ووٹوں کی بھاری اکثریت سے شکست دی، غیر حتمی اور غیر سرکاری نتیجے کے مطابق وادی 5 کی نشست پر مسلم لیگ (ن) کو برتری حاصل رہی۔ پاکپتن ایل اے 34 جموں ون کے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتیجے کے مطابق گورنمنٹ کالونی ایریا پولنگ اسٹیشن پر 109 میں سے 65 ووٹ کاسٹ ہوئے۔ یہاں پر (ن) لیگ کے ناصر ڈار نے 39 ووٹ حاصل کر کے میدان مار لیا، استحکام پاکستان کے بلال مختار بٹ نے 17 جبکہ پیپلز پارٹی کے چوہدری عبدالقدیر چوہان نے 8 ووٹ حاصل کئے۔ آزاد جموں و کشمیر الیکشن میں بھکر ایل اے 34 میں مجموعی ووٹ کی تعداد 8 تھی، 3 ووٹ پولنگ اسٹیشن 47 ڈی اے، 2 ووٹ حیدر آباد، 2 ووٹ پولنگ اسٹیشن محلہ بنگیال آباد دریا خان، 1 ووٹ پولنگ اسٹیشن فاضل پر کاسٹ ہوئے جس میں مسلم لیگ (ن) کے ناصر ڈار نے 8 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی۔ بھکر ایل اے 42 کیپولنگ اسٹیشن گورنمنٹ ہائی سکول کوٹلہ جام بھکر میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار سید شوکت علی شاہ 4 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔ حلقہ ایل اے 38- جموں V- پولنگ اسٹیشن نمبر 95 وزیر آباد پر کے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کو برتری حاصل رہی۔ حلقہ ایل اے 35- جموں II- پسرور کے 8 پولنگ اسٹیشنوں کے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے چوہدری اسماعیل گجر 996 ووٹوں کے ساتھ پہلے نمبر پر رہے جبکہ استحکام پاکستان پارٹی کے چوہدری عبدالقادر گجر 316 ووٹ حاصل کر کے دوسرے نمبر پر موجود رہے۔ حلقہ ایل اے 38- جموں V- ضلع گجرات کے 26 پولنگ اسٹیشنوں کے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ذیشان یونس 2,838 ووٹوں کے ساتھ پہلے نمبر پر جبکہ مسلم لیگ (ق) کے امیدوار چوہدری محمد اکبر 2,439 ووٹ حاصل کر کے دوسرے نمبر پر رہے۔ چونیاں میں پولنگ اسٹیشن 113 حلقہ ایل اے 34 جموں ون میں 13 ووٹ کاسٹ ہوئے جہاں مسلم لیگ (ن) کے ناصر ڈار نے 13 ووٹ حاصل کئے، راولپنڈی میں ایل اے 43 ویلی 4 پولنگ اسٹیشن نمبر 6، پر مسلم لیگ (ن) کے یاسین لون 70 ووٹ لے کر آگے رہے جبکہ پیپلز پارٹی کے جاوید بٹ 28 جبکہ استحکام پاکستان پارٹی کے حمزہ مجید بزمی 25 ووٹ حاصل کر سکے، پولنگ اسٹیشن نمبر 6 پر مرد ووٹرز کی جانب سے کوئی بھی ووٹ پول نہ ہوسکا

بقیہ 15

دینے والے غیر ملکی افراد کو امریکا آنے سے روکے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ممالک اور بین الاقوامی تنظیموں کو بھی جواب دہ ٹھہرایا جا رہا ہے جو ایران اور سارہ کے قاتل جیسے شدت پسندانہ نظریات جیسا اسرائیل مخالف بیانیہ اپناتے ہیں۔ اپنی بات جاری رکھتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ تاہم ان مشکلات کے ساتھ ہم ایسے مشرقِ وسطیٰ کے لیے بھی پرامید ہیں جہاں ابراہیمی معاہدے غالب ہوں گے۔

بقیہ 16

فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کیلئے ایک اہم پیش رفت ہے۔ ان خیالات کا انہوں نے کراچی میں جیری ویزہ کوریئر سروس کے سربراہ اکرم ولی اور جہانداد خان سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اس نئی سہولت کے آغاز سے بلوچستان کے عوام کو دنیا کے 50 سے زائد ممالک، جن میں یورپ، امریکہ، ایشیا اور دیگر خطے شامل ہیں، کیلئے کوریئر اور ویزا دستاویزات کی ترسیل کی سہولت مقامی سطح پر میسر آئیگی

بقیہ 17

پولیس چیک پوسٹ خزینہ باڈہ پر حملے کا سرغنہ خوارجی معاویہ کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں قیام امن کیلئے سکیورٹی فورسز پرعزم ہیں، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خاتمے تک انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں آپریشن 11 گرج کے تحت متعدد خوارجیوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات کو سراہا

بقیہ 18

کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان میں صدر مملکت نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل اور دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گرد امن، قومی یکجہتی اور ریاستی رٹ کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوششوں میں بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں۔ صدر نے کہا کہ واقعے کی جامع تحقیقات کر کے دہشت گردی کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ 19

دوسرے مرحلہ میں آزاد کشمیر میں انتخابی عمل پرامن ماحول میں منعقد ہوا، معمولی تکرار کو قائمقام صدر پر قاتلانہ حملے کا رنگ دینے کی کوشش کی گئی، ووٹ ڈالنے آئے ووٹر مشتاق شاہ کا انتقال مبینہ طور پر دل کا دورہ پڑنے سے ہوا، سندھ سے رکن قومی اسمبلی سندھ پولیس کے ساتھ کھاوڑہ میں مختلف پولنگ سٹیشنوں پر اثر انداز ہو رہے تھے جہاں پر مقامی لوگوں نے مزاحمت کی اور ان کے گارڈز نے فائرنگ کی جس کے جواب میں مقامی لوگوں نے بھی فائرنگ کی، ان کے زخمی ہونے کی کوئی تصدیق نہیں ہوسکی، بلاول بھٹو زرداری کو مس گائیڈ کیا گیا ہے۔ اتوار کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مشیر برائے وزیراعظم رانا ثنا اللہ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں انتخابات کا دوسرا مرحلہ مکمل ہو گیا ہے، پولنگ کے وقت میں ایک گھنٹے کا اضافہ بھی کیا گیا، تازہ ترین اطلاعات کے مطابق پولنگ سٹیشنوں پر گنتی جاری ہے، تمام حلقوں میں سارا دن پرامن حق رائے دہی استعمال کیا گیا، بدقسمتی سے ایک جمہوری جماعت جس نے میثاق جمہوریت پر دستخط کر رکھے ہیں

بقیہ 20

کی بارش کر دی گئی ہے جبکہ کئی دیگر اضلاع کو پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) میں مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بعض علاقوں میں منتخب عوامی نمائندوں کو نظر انداز کرتے ہوئے غیر عوامی افراد کی اسکیمیں شامل کی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ متوازن ترقی کے لیے ضروری ہے کہ وسائل کی تقسیم سیاسی پسند و ناپسند کی بنیاد پر نہیں بلکہ ضرورت، آبادی، متعلقہ ضلع کے معاشی تعاون اور پسماندگی جیسے معروضی عوامل کی بنیاد پر کی جائے تاکہ صوبے کے ہر ضلع کو ایک باقاعدہ اور مربوط منصوبہ بندی کے ذریعے ترقی کے مساوی مواقع میسر آسکیں۔ جام کمال خان نے خبردار کیا کہ اس نوعیت کے معاملات صوبے کی موجودہ نازک صورتحال کو مزید بگاڑنے میں "آگ" کا کردار ادا کر سکتے ہیں

بقیہ 21

دیا ہنہ اوڑک کے قبائلی رہنما آصف کاکڑ نے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا مطالبہ ہے کہ علاقے کو دہشتگردوں سے پاک کر کے پرامن بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہنہ اوڑک کے مقامی عمائدین کی کمیٹی کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا دوسری جانب دھرنا رات گئے تک جاری رہا

بقیہ 22

میں خوف و ہراس پھیل گیا مسلح افراد کی جانب سے پولیس تھانے پر بھی حملہ کیا گیا جس کے بعد وہاں سے اسلحہ لوٹ کر فرار ہو گئے۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے میں ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

بقیہ 23

میں مجموعی طور پر 7 افراد جاں بحق اور 2 افراد زخمی ہو گئے۔ تھرپارکر میں آسمانی بجلی گرنے کے مختلف واقعات میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے جب کہ ایک شخص پانی میں ڈوبنے سے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا، دو افراد بارش کے باعث بننے والے گڑھوں میں گرنے کے نتیجے میں جاں بحق ہوئے۔ دوسری جانب ضلع عمرکوٹ میں بھی بارشوں کے دوران پیش آنے والے حادثے میں ایک شخص ڈوب کر جاں بحق ہو گیا جبکہ مختلف واقعات میں 2 افراد زخمی ہوئے، جنہیں طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئی ہیں، جبکہ شہریوں کو بارشوں کے دوران نشیبی علاقوں، برساتی نالوں اور کھلے گڑھوں سے دور رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 24

کو اسلحہ، گولہ بارود، فوجی پرزے اور دیگر دفاعی سامان کی فراہمی جاری رہی حالانکہ تنظیم کے مطابق یہ خدشہ موجود تھا کہ یہ سامان غزہ میں فوجی کارروائیوں میں استعمال ہو سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بتایا کہ بھارت نے گزشتہ چند برسوں میں اسرائیل کے دفاعی شعبے کے ساتھ قریبی اور منافع بخش شراکت داری قائم کی ہے اور اب وہ ان سپلائی چینز کا اہم حصہ بن چکا ہے جو اسرائیلی دفاعی صنعت کو سامان فراہم کرتی ہیں۔ ایمنسٹی کے تحقیق کاروں نے دعوی کیا کہ انہوں نے 7 اکتوبر 2023 کے بعد بھارت سے اسرائیل بھیجی جانے والی 2,596 تجارتی شپمنٹس کا تجزیہ کیا، جن میں اسلحہ، گولہ بارود، فوجی پرزے اور دیگر متعلقہ سامان شامل تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی کمپنیوں نے چھوٹے ہتھیاروں کے کم از کم 3 لاکھ 90 ہزار 516 پرزے، دھماکہ خیز ہتھیاروں، ڈرون وار ہیڈز اور توپ کے گولوں کے لیے 5 لاکھ 64 ہزار 970 پرزے اور اجزا جبکہ فوجی گاڑیوں کے 298 پرزے اسرائیلی سپلائرز کو فراہم کیے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق تجارتی شپمنٹ کے دستیاب ڈیٹا سے یہ معلوم ہوا کہ یہ سامان اسرائیلی دفاعی کمپنیوں کو بھیجا گیا، جنہوں نے بعدازاں اسے اسرائیلی فوج تک پہنچایا

بقیہ 25

علاقے خاران میں سوشل میڈیا پر مبینہ پروپیگنڈا کے لیے آنے والے فتنہ الہندوستان سے منسلک دہشتگرد فورسز کے مؤثر ردعمل کے باعث فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی مسلسل کارروائیوں کے باعث دہشتگرد تنظیم اب میدانِ عمل کے بجائے سوشل میڈیا پر گمراہ کن بیانیہ تشکیل دینے کی کوششوں تک محدود ہو چکی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق دہشتگرد مختلف علاقوں میں سافٹ ٹارگٹس کو نشانہ بنا کر تصاویر اور ویڈیوز بناتے ہیں تاکہ سوشل میڈیا پر انہیں استعمال کرتے ہوئے جھوٹا پروپیگنڈا کیا جاسکے، اسی مقصد کے تحت خاران میں بھی مبینہ دراندازی کی کوشش کی گئی، تاہم سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے باعث دہشتگرد اپنے عزائم میں کامیاب نہ ہو سکے اور فرار ہو گئے۔

بقیہ 26

امریکہ ایران پر غیر معمولی فوجی طاقت کے ساتھ حملہ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار اور مسلح تھا۔ ان کے مطابق امریکی فوج کی تیاری کی سطح دوسری عالمی جنگ کے بعد اپنی مثال آپ تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران اور مشرقِ وسطی کے چند دیگر ممالک نے واشنگٹن سے حملہ روکنے کی درخواست کی، کیونکہ ایک ایسے ابتدائی معاہدے کے خدوخال طے پا گئے تھے جو موجودہ بحران کے حل کی راہ ہموار کر سکتے ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کو فوری اور مکمل طور پر کھولنے اور ایران کے مبینہ جوہری خطرے کے خاتمے کی شقیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے حملہ منسوخ کرنے کا فیصلہ دنیا کے مفاد اور ایران کے مستقبل اور خوشحالی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا، تاہم یہ فیصلہ اس شرط سے مشروط ہے کہ جلد از جلد حتمی معاہدہ طے پا جائے۔ ٹرمپ نے یہ بھی دعوی کیا کہ اسرائیل نے بھی اس عزم میں شمولیت اختیار کر لی ہے، اور تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ جلد از جلد معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔

بقیہ 27

علی، مرکزی سیکرٹری، عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالقہار رودان، ضلع سیکرٹری عمر خان ترین، سینئر معاون سیکرٹری حاجی اکبر صاحب، سید امین اللہ بشر، سید شاہ ولی آغا نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا وطن کی موجودہ صورتحال میں کوئٹہ کا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔ صوبے میں جاری بدامنی کی لہر سے صوبے بھر میں سخت تشویش پھیل گئی ہے اور ساتھ ہی پشتون معیشت، کاروبار، روزگار اور تجارت کے دروازے بند کئے جا چکے ہیں اور ملک بھر میں پشتون تجار کاروباری اور محنت مزدوری کے دروازے بند کئے گئے ہیں۔ پشتونوں کے ٹرانسپورٹ جلانے، املاک کو نقصان پہنچانے یا تباہ کرنے کی کارروائی ملک کے طول و عرض میں جاری ہے جبکہ دوسری جانب انسانی جانوں کا ضیاع جاری ہے۔ جبکہ ہمارے دور حکومت کے ہنڈرڈ ڈیمز پیکیج کو بھی روک دیا گیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بلا تاخیر بارانی و سیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے ہر علاقے میں ڈیمز کی تعمیر کی جائے اور موجودہ ڈیمز کی دیکھ بال اور نگرانی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ مقررین نے کہا کہ Balochistan Special (BSDI) Development Initiative کے تحت ڈپٹی کمشنر کو دیئے گئے فنڈز جو کہ عوامی فلاح و بہبود کے سکیمات کیلئے خرچ ہونے تھے

بقیہ 28

باعث ایک رابطہ پل بھی بہہ گیا جبکہ کئی علاقوں کی سڑکیں بارش اور سیلابی پانی سے متاثر ہو کر بہہ گئیں جس سے آمد و رفت کا نظام بری طرح متاثر ہوا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق برساتی نالے میں طغیانی کے دوران ایک گاڑی بھی سیلابی ریلے میں بہہ گئی۔ تاہم فوری طور پر جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں اور صورتحال کی نگرانی میں مصروف ہیں جبکہ شہریوں اور سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور ندی نالوں کے قریب جانے سے احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 29

26 بچے شامل ہیں جبکہ پنجاب میں 47 افراد جاں بحق ہوئے جن میں 19 بچے شامل ہیں، جبکہ 295 افراد زخمی ہوئے جن میں 68 بچے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سندھ میں 5 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوئے، جاں بحق ہونے والوں میں 2 بچے بھی شامل ہیں۔ بلوچستان میں 8 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 15 افراد زخمی ہوئے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب میں بارشوں سے متاثرہ افراد کے لیے 75 ریلیف کیمپ قائم کیے گئے، جبکہ گرمی کی شدت سے نمٹنے کے لیے 333 ہیٹ ویو کیمپس بھی لگائے گئے جہاں 2,203 افراد کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں

بقیہ 30

ضابطہ اخلاق کے مطابق انتخابی عمل میں حصہ لیا، ایل اے 31 میں پولنگ مجموعی طور پر پرامن، شفاف اور منظم رہی، پیپلز پارٹی کے الزامات منصفانہ انتخابی عمل کو متنازع بنانے کی کوشش ہیں۔ (ن) لیگ کے الیکشن سیل نے کہا کہ ہر شکایت کا فیصلہ صرف شواہد اور قانونی تقاضوں کے مطابق کیا جائے، ثبوت کے بغیر کسی امیدوار یا کارکن کے خلاف کارروائی نہ کی جائے، ایل اے 31 میں پولنگ کا پرامن اور شفاف انعقاد یقینی بنایا جائے، الیکشن کمیشن غیر جانبداری برقرار رکھے اور عوامی مینڈیٹ کا احترام یقینی بنائے۔ مسلم لیگ (ن) نے آزاد کشمیر الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 31

میں نئے پولیس اسٹیشن کیلئے جگہ کا تعین کیا گیا، دورہ کرفیو کے دوران کیا گیا، خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 32

اندھا دھند فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق، 4 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق تھانہ فقیر آباد کی حدود میں واقع دین بہار کالونی میں خونریز واقعہ پیش آیا جہاں مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے، 4 افراد زخمی ہوئے۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کے فوری بعد امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور زخمیوں کو طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب تفتیشی حکام کے مطابق جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں اور واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 33

برقرار رہے گی۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام اسسٹنٹ کمشنرز، محکمہ صحت، ریسکیو 1122، پولیس، سول ڈیفنس، لوکل گورنمنٹ اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تمام سرکاری و نجی اسپتالوں میں چوبیس گھنٹے ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے، ڈاکٹروں، نرسوں، پیرامیڈیکل اسٹاف، ایمبولینس سروسز اور دیگر عملے کو اپنی ڈیوٹی پر موجود رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ محکمہ صحت اور دیگر ہنگامی اداروں کے افسران و اہلکاروں کی تمام منظور شدہ چھٹیاں فوری طور پر منسوخ کر دی گئی ہیں جبکہ چھٹی پر موجود عملے کو فوری طور پر اپنی ڈیوٹی پر واپس رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 34

بیان میں وزیراعظم نے دھماکے میں جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 35

کی بے مثال قربانیوں کے نتیجے میں برصغیر کے مسلمانوں کو ایک آزاد، خودمختار اور اسلامی فلاحی ریاست پاکستان کی صورت میں عظیم نعمت حاصل ہوئی، انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں کو یاد رکھنے اور اس عزم کی تجدید کا درس دیتا ہے کہ ہم وطنِ عزیز کی سلامتی، استحکام، ترقی، خوشحالی، امن، رواداری اور قومی اتحاد کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ آج کے دن ہمیں اس حقیقت کو بھی ذہن نشین کرنا ہوگا

بقیہ 36

قائم جماعت ہے، جو موروثیت سے پاک ہے اور اس میں عہدیداروں کا انتخاب مکمل جمہوری طریقہ کار کے تحت عمل میں لایا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی میں کسی کو پرچی کے ذریعے مسلط نہیں کیا جاتا بلکہ کارکنوں کی رائے کو مقدم رکھا جاتا ہے۔ میر رحمت صالح بلوچ نے طویل وقفے کے بعد کوئٹہ میں ضلعی انتخابات کے انعقاد کے فیصلے پر پارٹی کی متعلقہ کمیٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ کارکنوں میں نئی روح پھونکنے کے مترادف ہے۔ اس سے نوجوان قیادت کو آگے آنے کا موقع ملے گا اور پارٹی گراس روٹ سطح پر مزید فعال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا ہمیشہ سے یہ مؤقف رہا ہے کہ جب تک سیاسی جماعتوں کے اندر حقیقی جمہوریت قائم نہیں ہوگی، اس وقت تک ملک میں جمہوری اقدار مضبوط نہیں ہو سکتیں۔ انہوں نے کوئٹہ پریس کلب کی انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب نے ہمیشہ جمہوری عمل کی حمایت کی ہے اور اس بار بھی بھرپور تعاون فراہم کیا۔ انہوں نے ضلعی کونسلران کے کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی عمل کے دوران کارکنوں نے جس نظم و ضبط، برداشت اور رواداری کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے

بقیہ 37

فورسز و حکمرانوں کی ناکامی کے باعث عوام کی جان و مال اور عزت و وقار غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ ایسے حالات میں خاموش رہنا مزید تباہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے آئینی، جمہوری اور پرامن حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔ 7 اگست کی ہڑتال کسی ایک طبقے یا جماعت کی نہیں بلکہ بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز ہے۔ حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کے مسائل کے حل، شاہراہوں پر تحفظ کی فراہمی، بارڈرز کی بحالی، لاپتہ افراد کی بازیابی اور امن وامان کے قیام کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ، الفلاح ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی ذمہ داران کے ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء بشیر احمد ماندائی، مولانا عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، پروفیسر محمد ایوب منصور، حافظ مطیع الرحمٰن، مولانا محمد عارف دمڑ، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹریز پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، نورالدین غلزئی، لعل بخش کھوسہ، محمد فاروق کاکڑ، میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر، اسامہ ہاشمی، روح اللہ سالار اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کی تنظیمی سرگرمیوں، الخدمت فاؤنڈیشن اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی پر تفصیلی رپورٹس پیش کی گئیں

بقیہ 38

اور ٹیکس پریکٹیشنرز کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وفد نے انکم ٹیکس ریٹرنز کی فائلنگ کے عمل میں پیش آنے والی تکنیکی اور عملی مشکلات سے چیف کمشنر کو آگاہ کیا اور مختلف تجاویز پیش کیں تاکہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو بلوچستان عبدالمالک درانی نے وفد کی تجاویز اور مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ جائز مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا جائے گا اور ریٹرن فائلنگ کے عمل کو مزید آسان اور موثر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ٹیکس دہندگان کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور ٹیکس نظام کو مزید موثر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے

بقیہ 39

پی پورے بلوچستان میں احتجاجی تحریک شروع کرے گی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو بی این پی کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک نصیر شاہوانی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، مرکزی فنانس سیکرٹری اختر حسین لانگو، مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، سابق میئر کوئٹہ میر مقبول احمد لہڑی اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ نے الزام عائد کیا کہ 30 جولائی کو لکپاس چیک پوسٹ پر پارٹی کے سینئر رہنما جمعہ خان نیچاری کے اہلخانہ کو بغیر کسی وارنٹ کے حراست میں لے کر لاپتہ کیا گیا، جبکہ چیک پوسٹ پر سادہ لباس اہلکار تعینات تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام غیر قانونی اور قابل مذمت ہے اور بی این پی اس معاملے پر خاموش نہیں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو لاپتہ کرنے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے

بقیہ 40

نہیں کیا گیا۔ محکمہ کے مطابق زیر گردش نوٹیفکیشن کی کوئی قانونی یا سرکاری حیثیت نہیں، لہٰذا والدین، اساتذہ، طلبہ اور عوام الناس اس پر یقین نہ کریں اور اسے مکمل طور پر نظر انداز کریں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے ہدایت جاری کی ہے کہ پہلے سے جاری کردہ سرکاری شیڈول کے مطابق سمر اور ونٹر زون کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے پیر، 3 اگست 2026 سے معمول کے مطابق دوبارہ کھلیں گے۔ محکمہ نے تمام ڈائریکٹرز آف ایجوکیشن (اسکولز)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور تعلیمی اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ احکامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور اس سرکاری وضاحت کو اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام سرکاری و نجی تعلیمی اداروں تک فوری طور پر پہنچائیں، تاکہ جعلی نوٹیفکیشن کے باعث کسی قسم کی غلط فہمی پیدا نہ ہو

بقیہ 41

سے 22 سے زیادہ افراد زخمی ہو گئے جبکہ ماتھوئی کینال کو شگاف پڑنے سے درجنوں دیہات زیر آب کھڑی فصلیں تباہ لاکھوں روپے کے گھریلو سامان اناج پانی میں بہہ گیا سینکڑوں افراد بے گھر بختیار آباد بھاگ کے درمیان گیارہ ہزار کے وی بجلی کے کھمبے زمین بوس ہونے سے لہڑی، بختیار آباد، چھلگری ننگوئی دشتی سمیت کئی علاقوں کو بجلی کی فراہمی معطل جبکہ متعدد علاقوں میں زمینی راستے بھی کٹ کر رہ گئے پٹ فیڈر کینال میں پانی کی مقدار میں زبردست اضافہ تفصیلات کے مطابق ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب ڈیرہ مراد جمالی بختیار آباد، نوتال، لانڈھی، جھل مگسی، بھاگ، سبی، لہڑی، چھتر، سنجی، تمبو، میر حسن، ماتھوئی، ڈیرہ بگٹی، سوئی، پیر کوہ، پیر سہری لوٹی ساوتھ، ڈیرہ بگٹی و دیگر علاقوں میں تیز آندھی کے ساتھ موسلا دھار بارشوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی بختیار آباد بھاگ نالڑی چھلگری ننگوئی نوتال لانڈھی و دیگر علاقوں میں بارشوں اور طوفانی آندھی کے باعث درجنوں گیارہ ہزار کے وی کے بجلی کے کھمبے زمین بوس ہو گئے

بقیہ 42

میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرتے ہوئے پانی بلا تعطل قبو ڈسٹری کے ٹیل اینڈ تک پہنچ سکے۔ مزید برآں یہ بھی طے پایا کہ قبو ڈسٹری کے بالائی حصے میں واقع 13 واٹر کورسز کو ہر ہفتے 72 گھنٹوں کے لیے بند رکھا جائے گا اس اقدام کا مقصد ہفتہ وار بنیادوں پر پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا اور ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ خانگی سے باغ ہیڈ تک کھیرتھر کینال پر قائم تمام غیر قانونی واٹر کورسز اور غیر قانونی پائپوں کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رکھا جائے گا تاکہ پانی کی چوری کا خاتمہ کیا جاسکے

بقیہ 43

انسٹیٹیوٹ آف نرسنگ، ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں ایک میگا آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا مقصد عوام میں آبادی سے متعلق مسائل، خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت، ماں اور بچے کی بہتر صحت، پیدائش میں مناسب وقفے، ذمہ دار والدین اور پائیدار ترقی کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا تھا۔ تقریب میں ڈاکٹرز، نرسنگ طلبہ، اساتذہ، طبی عملہ، محکمہ بہبودِ آبادی کے افسران و اہلکاروں اور دیگر متعلقہ افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کی مہمان خصوصی ڈاکٹر زرینہ خان تھیں، جبکہ ڈاکٹر نگہت، ڈاکٹر صادقہ خان، ڈاکٹر فضیلہ، ڈاکٹر زرینہ خان، مسز ڈاکٹر نجم اور ڈاکٹر سکینہ نے مختلف موضوعات پر خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت اور زچہ و بچہ کی بہتر نگہداشت صحت مند اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔

بقیہ 44

بنگلزئی، صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ اور صوبائی جنرل سیکریٹری چنگیز حئی بلوچ نے شرکت اور نگرانی کی۔ واضح رہے کہ نیشنل پارٹی اپنی جمہوری روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ہمیشہ اپنے انٹرا پارٹی انتخابات ایک غیر جانبدار تھرڈ پارٹی کے ذریعے منعقد کراتی ہے۔ اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ضلع کوئٹہ کے انتخابات بھی پریس کلب کوئٹہ کے سینئر صحافیوں پر مشتمل آزاد الیکشن کمیٹی کی نگرانی میں منعقد ہوئے۔ الیکشن کمیٹی کے چیئرمین سینئر صحافی محمد یعقوب شاہوانی جبکہ ممبران کفایت علی اور ذاکر علی تھے۔ پولنگ کا عمل صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک نہایت پرامن، شفاف اور خوشگوار ماحول میں جاری رہا، جس میں ضلع کوئٹہ کے کونسلران نے بھرپور انداز میں اپنا جمہوری حق رائے دہی استعمال کیا۔ ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد الیکشن کمیٹی کے چیئرمین محمد یعقوب شاہوانی نے نو منتخب ضلعی کابینہ کا باضابطہ اعلان کیا۔ انتخابی نتائج کے مطابق حاجی عطا محمد بنگلزئی ضلعی صدر، محمد عارف دہوار سینئر نائب صدر، میر نصیب اللہ بنگلزئی جونیئر نائب صدر، حاجی عبدالصمد بلوچ جنرل سیکریٹری، ملک عبدالرحمٰن بلوچ ڈپٹی جنرل سیکریٹری، حمید اللہ لیبر سیکریٹری، عیوض علی کشتمند ہزارہ رابطہ سیکریٹری، عنایت اللہ بزدار یوتھ اینڈ سپورٹس سیکریٹری، آصف جان مسیح فنانس سیکریٹری، فریدہ بلوچ خواتین سیکریٹری، آغا عمر بلوچ انفارمیشن سیکریٹری اور سعید سالانی سوشل میڈیا سیکریٹری منتخب ہوئے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں، جب ملک بالخصوص بلوچستان سیاسی بے یقینی، بدامنی، خوف و ہراس اور جمہوری اقدار کو درپیش چیلنجز سے دوچار ہے، نیشنل پارٹی آئینی، سیاسی اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے عوام کے حقوق کے تحفظ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے

بقیہ 45

شب بلوچستان کے علاقے آواران میں نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ کے پھوپھی زاد بھائی حاجی عبدالغفور کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا اور انکے بیٹے عابد کو اسلحے کے زور پر اغواء کرنے کی کوشش کی جس پر انہوں نے مذاحمت کرتے ہوئے حملہ آور سے اسلحہ چھین لیا اور حملہ آور کے ساتھی نے فائرنگ کر دی جس سے اس کا بھائی شدید زخمی ہو گیا فائرنگ کے دوران ایک حملہ آور بھی مارا گیا اور ملزمان رات کی تاریکی میں ایک موٹر سائیکل اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے

بقیہ 46

کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے ایک گروپ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی وفاق کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتی ہے، تاہم مضبوط وفاق کی بنیاد مضبوط اور بااختیار صوبے ہوتے ہیں۔ اگر تمام اکائیوں کو مساوی حقوق، وسائل میں منصفانہ حصہ اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں تو ملک میں سیاسی استحکام، معاشی ترقی اور قومی ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ بلوچستان کی خوشحالی، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، معیاری تعلیم، صحت کی بہتر سہولیات، انفراسٹرکچر کی تعمیر، سرمایہ کاری کے فروغ اور قدرتی وسائل سے مقامی آبادی کو حقیقی فائدہ پہنچانا عوام پاکستان پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے، اس لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر ایسی پالیسیاں اختیار کی جائیں جو عوام کی امنگوں کے مطابق ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی جمہوری اقدار، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 47

مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا عبدالبصیر، حاجی قاسم خان حلیمی، مولانا محمد شعیب جدون، عبدالصمد حقیار، مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولانا محمد عارف شمشیر، مولانا نقیب اللہ ملاخیل اور حاجی عطاء محمد شموزئی اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر یونٹوں کی مجالسِ عاملہ، تنظیمی کارکردگی، کارکنوں کی فعالیت، جمعیت کے ماتحت مختلف شعبہ جات شعبہ اطلاعات، شعبہ مالیات، شعبہ انصار الاسلام اور ڈیجیٹل میڈیا کی کارکردگی اور درپیش تنظیمی و عوامی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ تنظیم کو مزید فعال، منظم اور عوامی خدمت کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے جماعت کی جانب سے ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ بعد ازاں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس نے دوروں کی کامیاب تکمیل پر اظہارِ اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو گزشتہ سات دہائیوں سے ایسے حکمرانوں نے نقصان پہنچایا ہے جو عوامی مینڈیٹ کے بجائے طاقت یا دیگر غیر جمہوری ذرائع سے اقتدار میں آتے رہے، جس کے باعث قومی ادارے، معیشت اور عوام شدید بحرانوں کا شکار ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہی ملک میں آئین کی بالادستی، حقیقی جمہوریت، عوامی حقوق اور دیانت دار قیادت کے فروغ کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے، اور تنظیمی دوروں کا مقصد کارکنوں سے رابطے مضبوط بنانا، تنظیم کو نچلی سطح تک مزید فعال کرنا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔

بقیہ 48

کوئٹہ کے پرائیویٹ اسکولز کے ڈائریکٹرز اور پرنسپل نے شرکت کی۔ نتائج کے مطابق محمد نواز پندرانی صوبائی صدر، امان اللہ خان ترین صوبائی جنرل سیکرٹری، میر وائیس خان حلیمی سینئر نائب صدر، سید احتشام الحق پریس سیکرٹری، عبدالوہاب کاکڑ فنانس سیکرٹری، محمد زمان یوسفزئی صوبائی چیئرمین، میڈم کنیز فاطمہ مینگل صوبائی نائب صدر ٹیمیل، میڈم شازیہ علی ہزارہ صوبائی جوائنٹ سیکرٹری ٹیمیل، دوست محمد صوبائی نائب صدر اول، علی احمد بلوچ صوبائی نائب صدر دوئم، امان اللہ محمد حسنی صوبائی جوائنٹ سیکرٹری، محمد عامر صوبائی کلچرل سیکرٹری، شاہنواز صوبائی سیکرٹری سوشل آوئیرنس، عبدالقہار کاکڑ صوبائی پروگرام سیکرٹری، نورالامین خان صوبائی سیکرٹری ادبیات، ایڈوائزری کونسل ممبران میں صفدر اعظم محمد فہیم اصغر کلیم اللہ، خادم حسین مینگل، عتیق الرحمٰن، عتیق بلوچ منتخب ہوئے۔ آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر محمد نواز پندرانی، جنرل سیکرٹری امان اللہ خان ترین نے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ممبران کے مشکور ہیں جنہوں نے ان پر اعتماد کیا۔

بقیہ 49

ولد رضا محمد اور جان محمد۔ ولد محمد بخش اقوام بگٹی کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزمان سے اسلحہ برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 50

خان وردان، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید اشرف آغا، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اقبال خان بٹیزئی، ضلع کوئٹہ کے اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ، ضلع آفس سیکرٹری نصیب اللہ نیازی، ضلع معاونین اکرم خان حلیمی، فضل ترین، نعمت آغا، ضلع کمیٹی کے اراکین سردار بہادر خان موسیٰ خیل اور عظیم دوتانی نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دی۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کوئٹہ بالخصوص تحصیل صدر کے علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے، مسلسل لوڈشیڈنگ، وولٹیج کی کمی کے مسائل نے گھریلو صارفین اور تاجروں، دکانداروں، مزدوروں کو بھی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ کیسکو بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کی بجائے عوام کو بھاری بھرکم بلز بھیجنے، غیر قانونی طور پر میٹرز لے جانے، تاریکیاں مسلط کرنے کے عوام دشمن اقدامات پر گامزن ہے جس کی پارٹی نہ صرف مذمت کرتی ہے بلکہ مطالبہ کرتی ہے کہ فوری طور پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کو نجات دی جائے اور درست وولٹیج کیساتھ بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائیں۔ اجلاس میں ہنہ اوڑک، سرہ غوڑگئی، منگلہ، چشمہ و دیگر علاقوں میں بدامنی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ شہریوں کے سرومال کی تحفظ کو یقینی بنائے۔ اجلاس میں صفا پروجیکٹ کے تحت صفائی کے ناقص نظام پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ مسلسل نشاندہی کے باوجود تحصیل صدر کے مختلف علاقوں بالخصوص پشتون باغ، خروٹ آباد، خیزئی، نواں کلی، ترین شار، زرغون آباد، عالمو، کلی برات، کلی شابو، کلی الماس، کلی گل محمد، شیخ ماندہ، کلی عمر، کوتوال، سبزل و دیگر علاقوں میں کچروں کے ڈھیر لگ چکے ہیں جبکہ کچروں کے پھیلاؤ کے باعث مختلف بیماریاں پھیل رہی ہے

بقیہ 51

کی اولین ذمہ داری ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں خدمات انجام دینے والے علاقائی نامہ نگار نہایت محدود وسائل اور سخت حالات کے باوجود اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ایمانداری سے ادا کر رہے ہیں، لیکن انہیں بنیادی سہولیات بھی میسر نہیں۔ فورم نے حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ تمام رجسٹرڈ علاقائی نامہ نگاران کے لیے حکومتی سطح پر ماہانہ وظیفہ مقرر کیا جائے تاکہ وہ مالی پریشانیوں سے نکل کر بہتر انداز میں صحافتی خدمات انجام دے سکیں۔ بلوچستان میڈیا فورم نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صوبے کے شاعروں، ادیبوں، قلمکاروں اور لکھاریوں نے بلوچستان کی زبان، ثقافت، تاریخ اور مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے، مگر افسوس کہ انہیں وہ سرکاری سرپرستی اور حوصلہ افزائی نہیں مل سکی جس کے وہ مستحق ہیں۔ فورم نے مطالبہ کیا کہ ادبی شخصیات کے لیے خصوصی فنڈز، اعزازات، وظائف اور اشاعتی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ علمی و ادبی سرگرمیوں کو فروغ مل سکے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ بلوچستان کے میڈیا ورکرز دہشت گردی، بدامنی، معاشی مشکلات اور محدود وسائل کے باوجود اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر صحافتی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ایسے حالات میں حکومت کو چاہیے کہ صحافیوں کی فلاح و بہبود، تحفظ، علاج، انشورنس اور مالی معاونت کے لیے جامع اور مؤثر پالیسی مرتب کرے۔ بلوچستان میڈیا فورم نے حکومتِ بلوچستان، وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ میڈیا انڈسٹری کو درپیش معاشی بحران کے خاتمے، اخبارات کی بقا، صحافیوں کے روزگار کے تحفظ اور آزادی صحافت کو یقینی بنانے کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔ فورم نے واضح کیا کہ صحافیوں، میڈیا ورکرز اور اخباری صنعت کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور قانونی فورم پر بھرپور آواز بلند کی جائے گی اور اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا ناانصافی قبول نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 52

اجلاس میں متفقہ طور پر میر دیدار حسین پلال کو صدر، میر حسن خان جمالی کو جنرل سیکرٹری اور اسد اللہ جمالی کو پریس سیکرٹری مقرر کیا گیا، جبکہ اعلان کیا گیا کہ کمیٹی کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے لیے جلد ہی کابینہ میں دیگر اراکین کو بھی شامل کیا جائے گا۔ نومنتخب عہدیداران نے اپنے خطاب میں کہا کہ کمیٹی کی تشکیل کا مقصد باغ ٹیل کے عوام کو درپیش دیرینہ مسائل، بالخصوص پانی کے بحران کے حل کے لیے ایک مضبوط، منظم اور متحد پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ باغ ٹیل کی تمام اقوام، برادریاں اور زمیندار اس تحریک کا حصہ اور اس کے بازو ہیں، اور اجتماعی مفاد کے لیے سب کو متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اس وقت باغ ٹیل ریگولیٹر، قبو شاخ اور اس سے منسلک تینوں مائنرز (قبو، پتوجہ اور شاہن مائنر) میں پانی کی شدید قلت ہے، جس کے باعث شاخیں اور نہریں تقریباً خشک ہو چکی ہیں۔ تالابوں میں بھی روز بروز پانی کی سطح کم ہوتی جا رہی ہے جبکہ موجود پانی کا ذائقہ تبدیل ہو چکا ہے اور وہ پینے کے قابل بھی نہیں رہا، جس سے ہزاروں افراد اور وسیع زرعی رقبہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔

بقیہ 53

رہنما 3 اگست بروز سوموار کو پشاور کا دورہ کریں گے وہ پشاور ہائیکورٹ بار روم میں وکلاء کے ساتھ بعد میں پشاور پریس کلب کے صحافی ساتھیوں کے ساتھ ملاقات کریں گے اور ایکشن کمیٹی کے سارے رہنما و دیگر وکلاء کے ساتھ قصہ خوانی بازار میں عام عوام سے آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا جاری کردہ پمفلٹ تقسیم کریں گے

بقیہ 54

سے فائرنگ کر کے اپنی بیوی شبنم کو قتل کر کے فرار ہو گیا پولیس نے مقتولہ کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع پر مقتولہ کی لاش آر سی ایچ منجھو شوری میں لائی گئی ایمبولینس ہونے کے باوجود ڈرائیور نہ ملنے کی وجہ سے خاتون کی لاش تین گھنٹوں سے زیادہ فرش پر پڑی رہی اور خون بہتا رہا بعد ازاں خاتون کی لاش پولیس کی گاڑی مین ڈال کر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی پوسٹ مارٹم کے لیے منتقل کر دی گئی عوامی سیاسی اور سماجی حلقوں نے آر سی ایچ منجھو شوری کے عملے کی غفلت اور نااہلی لاپرواہی پر محکمہ صحت بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 56

پڑے گا۔ شہریوں نے حکومت بلوچستان اور محکمہ پولیس کے اس اقدام کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نئے تھانے کے قیام سے قانون کی عملداری مزید مضبوط ہوگی اور عوام کو فوری اور بہتر پولیس خدمات میسر آئیں گی۔

بقیہ 57

(پراپرٹی ڈیلر) کی والدہ، اسد اللہ حلیمی (ریٹائرڈ ملازمین بلوچستان یونیورسٹی) کی ہمشیرہ، جیولرز حافظ محمد فضل کی خوشدامن، ملک عبدالنبی اچکزئی (مرحوم)، محمد ولی اچکزئی (مرحوم) کی بھابی، خدائے داد بڑیچ کی خواہر نسبتی تھیں۔ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کاسی روڈ سے متصل حاجی غیبی روڈ نزد حمام چوک پر جامع مسجد حاجی عبدالعزیز خان میں جاری ہے۔

بقیہ 58

بیان کے آخر میں شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت کی گئی ہے اور زخمیوں کے فوری و مفت علاج فراہم کرنے کے مطالبہ کیا گیا ہے اور پارٹی ان کے غم میں ان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔

بقیہ 59

کیلئے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ قبو ڈسٹری سے باغ ہیڈ تک کھیرتھر کینال کے تمام واٹر کورسز کو 48 گھنٹوں کے لیے بند رکھا جائے گا، تاکہ پانی کی روانی میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرتے ہوئے پانی بلا تعطل قبو ڈسٹری کے ٹیل اینڈ تک پہنچ سکے۔ مزید برآں یہ بھی طے پایا کہ قبو ڈسٹری کے بالائی حصے میں واقع 13 واٹر کورسز کو ہر ہفتے 72 گھنٹوں کے لیے بند رکھا جائے گا اس اقدام کا مقصد ہفتہ وار بنیادوں پر پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا اور ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ خانگی سے باغ ہیڈ تک کھیرتھر کینال پر قائم تمام غیر قانونی واٹر کورسز اور غیر قانونی پائپوں کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رکھا جائے گا

بقیہ 60

مہم ان علاقوں میں چلائی جا رہی ہے جہاں زیادہ نقل و حرکت کرنے والی آبادی موجود ہے اور پولیو وائرس کی گردش (وائرس سرکولیشن) کا خطرہ برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام حکومت کی جانب سے پولیو وائرس کی منتقلی کو روکنے اور ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانے کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے 2 لاکھ 9 ہزار 557 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے 862 موبائل و فیلڈ ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں، جبکہ 61 فکسڈ ویکسینیشن مراکز اور 72 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں، جہاں سفر کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو بھی پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انعام الحق نے والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والوں سے اپیل کی کہ وہ فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پانچ سال سے کم عمر ہر بچہ، چاہے اسے پہلے بھی متعدد بار پولیو ویکسین پلائی جا چکی ہو، اس خصوصی مہم کے دوران بھی لازمی طور پر پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پیئے

بقیہ 61

والد واٹر منیجمنٹ آفیسر میر عطاء اللہ رخشانی، نیشنل بینک کے آفیسر میر ثناء اللہ رخشانی، سابقہ ایڈوائزر بلوچستان اسمبلی سلیم سیاپاد کے چچا تھے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں 2 دن کیلئے فاتحہ خوانی 4 اور 5 اگست منگل اور بدھ کو انکی رہائش گاہ متصل جامع مسجد گرین ٹاؤن سریاب روڈ میں لی جائے گی۔ جبکہ مرحوم ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کی فاتحہ خوانی اور تعزیت کا سلسلہ ان کے آبائی گاؤں، گوٹھ میر عبدالرحمان خان رخشانی میں بھی بدستور جاری رہے گا۔

بقیہ 62

ہوئے مجیب اچکزئی اور دیگر لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اہلِ خانہ کو صبر جمیل نصیب فرمائے۔

بقیہ 63

کے الزامات عائد کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی خزانہ دفاتر کو ختم کر کے پینشن کے تمام اختیارات اکاؤنٹنٹ جنرل (اے جی) سندھ کے سپرد کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق، جیکب آباد کے ریٹائرڈ سرکاری ملازمین طویل عرصہ گزرنے کے باوجود اپنی ماہانہ پینشن سے تاحال محروم ہیں۔ پینشنرز کا کہنا ہے کہ خزانہ دفتر کے عملے کی غفلت اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے بزرگ شہریوں کو دربدر کی ٹھوکریں کھانا پڑ رہی ہیں۔ متاثرہ ملازمین کا کہنا ہے کہ ٹریژری آفس کا عملہ بلاجواز اور غیر ضروری تاخیری حربے استعمال کر رہا ہے، اور مبینہ طور پر کوئی بھی ذمہ دار ادارہ ان کی پرسان حال نہیں ہے۔ پینشن بروقت نہ ملنے کے باعث بزرگ شہریوں کے لیے دو وقت کی روٹی اور ادویات کا حصول بھی دشوار ہو چکا ہے۔ ریٹائرڈ ملازمین اور عمر رسیدہ شہریوں نے اکاؤنٹنٹ جنرل (اے جی) سندھ، محتسب اعلیٰ سندھ اور ڈپٹی کمشنر جیکب آباد سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے پُرزور مطالبہ کیا ہے کہ: ریٹائرڈ ملازمین کی ماہ جولائی کی پینشن کی ادائیگی کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے اور ٹریژری آفس جیکب آباد کے نااہل اور مبینہ طور پر ہٹ دھرم عملے کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے

بقیہ 64

مراد جمالی کے عوام میں گہری تشویش کی لہر دوڑ گئی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اسٹریٹ کرائمز میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے۔

بقیہ 65

سرجری کے مستحق مریضوں کے مفت آپریشنز کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ مفت آپریشن معروف سرجن ڈاکٹر منظور احمد بلوچ اور ڈاکٹر عبداللہ حسین کی نگرانی میں کیے جا رہے ہیں۔ ڈاکٹر تولا رام لاسی کی خصوصی کاوشوں اور ماہر سرجنز کی پیشہ ورانہ مہارت کے نتیجے میں اب تک مختلف نوعیت کے کامیاب آپریشن کیے جا چکے ہیں۔ عوامی حلقوں نے دیوی بائی خوشحال داس ڈیوآنی ویلفیئر ٹرسٹ اور ڈاکٹر تولا رام لاسی کی فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے اسے ایک قابلِ تحسین اور مثالی اقدام قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مفت میڈیکل کیمپ کے انعقاد کے بعد ضرورت مند مریضوں کے بلا معاوضہ آپریشنز کا انتظام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹرسٹ دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت عملی اقدامات کر رہا ہے

بقیہ 66

باندھ کر مقامی بااثر افراد بدترین تشدد کرتے ہوئے انکی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو اور والد کی درخواست پر پولیس حرکت میں آ گئی پولیس کے مطابق چار روز قبل صدر پولیس تھانے کی حدود میں مقامی بااثر زمیندار نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ ملکر ڈیرہ مراد جمالی کے نوجوان ندیم احمد ابڑو کو چوری کا الزام لگا کر درختوں کے ساتھ باندھ کر خود اور انکے ساتھی نوجوان پر مسلسل بدترین تشدد پسٹل کے بٹ لاٹھی ڈنڈوں سے تشدد کرتے رہے جب اسکی موت واقع ہوئی تو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی ٹراما سینٹر میں لاش چھوڑ دی گئی اور ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو یہ کہہ دیا گیا کہ اس کو گرمی لگی ہے

بقیہ 67

قیادت میں احتجاج، مظاہرین نوجوانوں کا کہنا تھا کہ پانچ سالوں سے انتظار کے باوجود نوکریاں نہیں ملیں اور مسلسل احتجاجوں کے باوجود بھی کوئی نوٹس لینے کو تیار نہیں، مظاہرین نے صدرِ پاکستان آصف علی زرداری، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سمیت منتخب نمائندوں سے نوٹس لیکر آفر آرڈر جاری کروانے کا مطالبہ کر دیا

بقیہ 68

کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ واقع حاجی غیبی روڈ، کوئٹہ جا کر دلی افسوس اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ وفد نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی، اللہ تعالیٰ کے حضور ان کی مغفرت، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی، جبکہ سوگوار خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے انہیں صبر جمیل کی تلقین کی۔ اس موقع پر غلام نبی مری نے کہا کہ والدہ اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت اور بے مثال رحمت ہوتی ہیں۔ ماں کی محبت، شفقت، ایثار اور دعائیں انسان کی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہیں۔ والدہ کی وفات ایک ایسا ناقابل تلافی نقصان ہے، جس کا خلا کبھی پُر نہیں ہوسکتا، تاہم اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنا ہی ایک مومن کی شان ہے۔

بقیہ 69

عمران خان کو گرفتار کیا گیا۔ اس واقعے کے بعد ملک مسلسل سیاسی، آئینی اور معاشی عدم استحکام کا شکار رہا، جس کے منفی اثرات آج بھی عوام بھگت رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی مسلسل قید نہ صرف کروڑوں پاکستانیوں کے جذبات کو مجروح کر رہی ہے بلکہ اس سے جمہوری عمل، قانون کی بالادستی اور عوامی اعتماد بھی متاثر ہوا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عمران خان سمیت تمام سیاسی کارکنوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے تاکہ ملک میں سیاسی کشیدگی کا خاتمہ اور قومی مفاہمت کی راہ ہموار ہوسکے۔

بقیہ 70

ملاقات کے دوران گل میر جمالی نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کو اپنی زندگی کا یادگار لمحہ قرار دیتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور اپنی روایتی انداز میں محبت بھرے گیت پیش کیے۔ فنکار نے وزیراعلیٰ کی موجودگی میں گانا بھی سنایا جسے میر سرفراز بگٹی نے سراہتے ہوئے ان کی فنکارانہ صلاحیتوں کی تعریف کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے لوک فنکار صوبے کی ثقافت، روایات اور مثبت تشخص کے حقیقی سفیر ہیں۔

بقیہ 71

کیا۔ اس موقع پر پارٹی رہنماؤں نے انتخابی عمل، ووٹنگ کے طریقہ کار و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں کشمیری عوام کا جوش و خروش اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اپنے جمہوری حق کا استعمال پوری بیداری کے ساتھ کر رہے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حقوق اور ان کے حق خودارادیت کی ترجمانی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بےنظیر بھٹو کا کشمیر کے معاملے پر مؤقف تاریخ کا روشن باب ہے، اور آج بھی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پارٹی کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بقیہ 72

ہے۔ اہم انکشافات کی توقع کی جا رہی ہے۔ ملزم کلیم اللہ سے پولیس تھانہ یارو کی انوسٹی گیشن ٹیم مزید تفتیش کر رہی ہے۔ جبکہ عوامی حلقوں نے منشیات فروشی کیخلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس کو خراج تحسین پیش کیا۔ اور علاقے کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ 73

گے۔ انہوں نے یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح، شاعر مشرق علامہ محمد اقبال اور تحریک پاکستان کے دیگر اکابرین کی ولولہ انگیز قیادت اور لاکھوں مسلمانوں کی عظیم قربانیوں کے نتیجے میں ہمیں ایک آزاد اسلامی مملکت نصیب ہوئی، آج ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ان قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں اور قومی اتحاد، اخوت، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دیتے ہوئے وطن عزیز کی تعمیر و ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ پاکستان ہماری شناخت، عزت اور آنے والی نسلوں کا روشن مستقبل ہے، جس کی ترقی اور خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا اور ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد، محنت، دیانت اور قانون کی پاسداری کے ذریعے کرنا ہوگا

بقیہ 74

ہے۔ ہیڈ ٹیچر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام والدین اور سرپرست اپنے بچوں کی بروقت سکول آمد کو یقینی بنائیں تاکہ تعلیمی سال کا آغاز بھرپور انداز میں ہو اور طلبہ کا قیمتی تعلیمی وقت ضائع نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی دن سے باقاعدہ حاضری طلبہ کو اپنے نصاب اور اسباق کے ساتھ ہم آہنگ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے جبکہ والدین، اساتذہ اور طلبہ کے باہمی تعاون سے ہی بہترین تعلیمی نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس لیے والدین سے گزارش ہے کہ وہ بچوں کی حاضری، نظم و ضبط اور تعلیمی کارکردگی پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وہ بہتر تعلیم حاصل کر کے اپنے روشن مستقبل کی بنیاد مضبوط بنا سکیں۔

بقیہ 75

اور دکانوں میں نصب لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی برقی آلات جن میں پنکھے، بلب، ایل ای ڈی لائٹس اور فریج شامل ہیں جل کر ناکارہ ہو گئے۔ شدید گرمی اور حبس کے اس موسم میں بجلی کی عدم فراہمی اور کم وولٹیج کی وجہ سے بچوں، خواتین، بزرگوں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ مکینوں کے مطابق مسئلہ شروع ہوتے ہی انہوں نے بار ہا K الیکٹرک کی ہیلپ لائن پر رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن حسب روایت یا تو نمبر بند تھا یا گھنٹوں مصروف رہا۔ بالآخر جب کسی طرح ایک افسر سے رابطہ ہوا تو انہوں نے غیر سنجیدہ انداز میں بتایا کہ "ہم فالٹ ڈھونڈ رہے ہیں"۔

بقیہ 76

اے بلوچستان کی جانب سے ڈائریکٹر (پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن/ریسکیو) نوید احمد شیخ نے ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے اور این ای او سی ٹیم نے ملک بھر میں مون سون کی صورتحال، جانی و مالی نقصانات، امداد و بحالی سرگرمیوں پر کمیٹی کو تفصیلی بریفنگ دی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کمیٹی کو مزید بتایا کہ متوقع بارشوں کے باعث تمام ممکنہ متاثرہ علاقوں کے ڈپٹی کمشنرز کو بروقت صورتحال سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ جماعت اسلامی کے صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے' جہانگیر شاہ

ملک تعمیر و ترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سیاست سے بالاتر ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، رہنما (ن) لیگ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے جس کی تعمیر و ترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سیاست سے بالاتر ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا یہ کہنا کہ سسٹم بیٹھ چکا ہے درست ہے وزیراعظم پاکستان کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر وفاقی کابینہ میں تبدیلی کرتے ہوئے اچھے اور باکردار لوگوں کو کابینہ میں شامل کریں۔

چیف کمشنر اِن لینڈ ریونیو بلوچستان عبدالمالک درانی سے بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) چیف کمشنر اِن لینڈ ریونیو بلوچستان عبدالمالک درانی سے بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی، جس میں ٹیکس ایئر 2026 کے لیے انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کے دوران ٹیکس دہندگان (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں کو با اختیار بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے' فیصل جمالی

14 اگست صرف جشنِ آزادی کا دن نہیں بلکہ تجدیدِ عہد، قومی یکجہتی، حب الوطنی، ایثار، قربانی اور شہدائے پاکستان کی لازوال خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا عظیم دن ہے

پاکستان اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، جس کی حفاظت اور ترقی ہر پاکستانی کی قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے' صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان

گنداخہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ 14 اگست صرف جشنِ آزادی کا دن نہیں بلکہ تجدیدِ عہد، قومی یکجہتی، حب الوطنی، ایثار، قربانی اور شہدائے پاکستان کی لازوال خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا عظیم دن ہے۔ یہ وہ تاریخی لمحہ ہے جب قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کی مدبرانہ قیادت، شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے ولولہ انگیز تصورِ پاکستان اور لاکھوں مسلمانوں (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

5 اگست کو عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا جائے گا، عبدالقہار ودان

کوئٹہ بلخصوص تحصیل صدر کے علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل صدر کے ایگزیکٹو اور کمیٹی کے اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کے زیر صدارت منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں تحصیل ایگزیکٹو اور کمیٹی کے اراکین نے سیاسی تنظیمی رپورٹس پیش کی جس کا جائزہ لیا گیا اور بعدازاں ان کی منظوری دی گئی۔ منعقدہ اجلاسوں میں پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات مکمل

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات میر نصیر خان نوری کلچرل ہال اسپنی روڈ میں الیکشن کمیشن کے ممبران حیات اللہ باروزئی، مہر علی، ایوب صابر کی نگرانی میں منعقد ہوئے اجلاس میں صوبے بھر سے ڈسٹرکٹ ہیڈز (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے لوک گلوکار گل میر جمالی ملاقات کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی سوئی تھ پولیس نے دو اشتہاری ملزمان کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی سوئی تھ پولیس کی کارروائی دو اشتہاری ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزمان سے اسلحہ برآمد تفتیش شروع پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی تھ ایس ایس پی عبدالروف بابر کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل عبدالجبار مگسی اور ایس ایچ او نور علی بگٹی نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر دو اشتہاری ملزمان نعمان (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ نامعلوم افراد نے ہتھوڑے سے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے ہتھوڑے سے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے سی جی ایس کالونی سیٹلائٹ ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے ہتھوڑے سے وار کر کے ایک نوجوان کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔

میڈیا ورکرز کے مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے' بی ایم ایف

ورکرز اور اخباری صنعت کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی، بلوچستان میڈیا فورم

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم (B.M.F) نے اپنے جاری کردہ اعلامیہ میں واضح کیا ہے کہ بلوچستان کے میڈیا ورکرز، صحافی برادری اور اخباری صنعت کے ساتھ کسی بھی قسم کی ناانصافی، امتیازی سلوک یا زیادتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ فورم نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں اور مشکل ترین حالات میں عوام تک درست اور بروقت معلومات پہنچانے کی ذمہ داری نبھاتے ہیں، اس لیے ان کے مسائل کا فوری اور مستقل حل حکومت (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

باغ ٹیل بُزگر کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا، پانی سمیت بنیادی حقوق کے حصول کیلئے منظم جدوجہد کا اعلان

باغ ٹیل ریگولیٹر، قبو شاخ اور اس سے منسلک تینوں مائنرز (قبو، پتوجہ اور شاہن مائنز) میں پانی کی شدید قلت ہے

گنداخہ (نامہ نگار) باغ ٹیل کے زمینداروں، کسانوں اور مختلف اقوام کے نمائندوں کے ایک اہم مشاورتی اجلاس میں باغ ٹیل بُزگر کمیٹی کے قیام کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ علاقے کو درپیش پانی کی شدید قلت، زرعی مسائل اور دیگر مشترکہ عوامی حقوق کے حصول کیلئے پرامن، آئینی اور جمہوری انداز میں مسلسل جدوجہد کی جائے گی۔ (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

گنداخہ، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال باغ پیڈ کے زمینداروں سے پانی کے منصفانہ تقسیم کے سلسلے میں بات چیت کر رہے ہیں

آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے رہنما آج پشاور ہائیکورٹ بار روم میں وکلاء سے ملاقات کریں گے

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسیشن کے صدر مرکزی سیکرٹری حسیب جمالی نائب صدر پنجاب رابعیہ باجوہ نائب صدر خیبر پختونخو ممبر بار کونسل علی زمان راحب خان بلیدی ممبر بلوچستان بار کونسل و دیگر وکلاء (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

تمبو' شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو ہلاک کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق تمبو منجھوشوری پولیس تھانے کی حدود گوٹھ غلام نبی میں گزشتہ روز مبینہ ملزم علی نواز نے ٹی ٹی پسٹل (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

عوامی حلقوں کا متنازع سم نالے کے معاملے پر گہری تشویش کا اظہار

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) عوامی حلقوں نے متنازع سم نالے کے معاملے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحبت پور، جعفرآباد اور اوستہ محمد کے اضلاع کو درپیش ممکنہ سیلابی خطرات کے پیشِ نظر صرف خبروں، پریس کانفرنسوں اور سوشل میڈیا پر بیانات جاری کرنا اب کافی نہیں رہا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام سیاسی، سماجی اور مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس تنازع کا حتمی، عملی اور قانونی حل نکالیں

ماجھی پور کو پولیس تھانے کا درجہ مل گیا، محمد صلاح رئیسانی پہلے ایس ایچ او تعینات

ماجھی پور میں پولیس تھانے کے قیام سے امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئے گی' علاقہ مکین

ماجھی پور (نامہ نگار وقار احمد کاکڑ): ماجھی پور کو بالآخر باقاعدہ پولیس تھانے کا درجہ دے دیا گیا۔ محکمہ پولیس کی جانب سے جاری احکامات کے مطابق محمد صلاح رئیسانی کو ماجھی پور پولیس تھانے کا پہلا اسٹیشن ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) تعینات کر دیا گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ماجھی پور میں پولیس تھانے کے قیام سے امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئے گی، جرائم کی روک تھام مؤثر ہوگی اور عوام کو پولیس سے متعلق امور کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ نہیں کرنا (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

عبدالولی اچکزئی (مرحوم) کی زوجہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں

کوئٹہ (این این آئی) عبدالولی اچکزئی (مرحوم) کی زوجہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئی ہیں وہ نقیب اللہ اچکزئی (ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ) سمیع اللہ اچکزئی (کسٹمز انسپکٹر) مجیب اللہ اچکزئی (رپورٹر سماء نیوز) اور احسان اللہ اچکزئی (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

سوات خودکش دھماکہ دراصل پشتونخوا وطن کے امن کو تباہ کرنے کے سوا کچھ نہیں، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

سوات خودکش دھماکہ دراصل پشتونخوا وطن کے امن کو تباہ کرنے کے سوا کچھ نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں خیبر پشتونخوا سوات میں خودکش حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سوات خودکش دھماکہ دراصل پشتونخوا وطن کے امن کو تباہ کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ وحشت دہشت کی اس صورت میں عوام کے جرگوں کا انعقاد لازمی امر بن جاتا ہے اور پشتونخوا وطن کے تمام عوام اور پشتون قوم کو اپنے درپیش تمام مسائل اور ان کے حل کے لیے عمل طے کرنا ہوگا۔ (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق دلانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے' رمضان پلال

پانی کی منصفانہ تقسیم میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائیگی

نصیرآباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت تحصیل گنداخہ کے مقام باغ ہیڈ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایکسین اریگیشن غلام محمد بادینی محکمہ اریگیشن کے دیگر افسران و عملہ اور قبو ڈسٹری کے زمینداروں نے شرکت کی اجلاس میں قبو ڈسٹری کے ٹیل اینڈ تک آبپاشی کے پانی کی منصفانہ، شفاف اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

سابق ڈی ایچ او و قبائلی رہنما ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ خوانی کل ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) سابق ڈی ایچ او و قبائلی رہنما ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی جو گزشتہ دنوں انتقال کر گئے جانزیب رخشانی، صوبائی اسمبلی کے اسٹنو گرافر میر قادر بخش رخشانی کے (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

پیر سے 13 اضلاع کی 62 ہائی رسک یونین کونسلز میں خصوصی انسداد پولیو مہم شروع ہوگی' انعام الحق

خصوصی پولیو مہم کے دوران 2 لاکھ 9 ہزار 557 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، ای او سی

کوئٹہ (این این آئی) ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان پیر سے صوبے کے 13 اضلاع کی 62 ہائی رسک یونین کونسلز میں خصوصی انسداد پولیو مہم کا آغاز کرے گا۔ اس مہم کا مقصد ان علاقوں میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو جیسے عمر بھر کی معذوری کا باعث بننے والے وائرس سے محفوظ بنانا ہے۔ ای او سی بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا کہ یہ خصوصی (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

سماء نیوز کے رپورٹر صحافی مجیب خان اچکزئی کی والدہ کی وفات پر جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ عبدالغنی شہزاد نے سما نیوز کے رپورٹر مجیب خان اچکزئی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پریس کلب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل کبیر محمد شہی، گلزار شاہ، یعقوب شاہوانی، فرید اللہ کی نگرانی میں نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے انٹرا پارٹی الیکشن کے موقع پر حاجی عطاء محمد بنگلزئی، کامران بنگلزئی، آغا گل نصیر شاہوانی اور دیگر ووٹ کاسٹ کیا جا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر اُستا محمد کی زیرِ صدارت گنداخہ باغ ہیڈ میں اہم اجلاس

ٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو ان کا جائز حق دلانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، محمد رمضان پلال

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت تحصیل گنداخہ کے مقام باغ ہیڈ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایکسین اریگیشن غلام محمد بادینی محکمہ اریگیشن کے دیگر افسران و عملہ اور قبو ڈسٹری کے زمینداروں نے شرکت کی اجلاس میں قبو ڈسٹری کے ٹیل اینڈ تک آبپاشی کے پانی کی منصفانہ، شفاف اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ قبو ڈسٹری سے باغ ہیڈ تک کھیرتھر کینال کے تمام واٹر کورسز کو 48 گھنٹوں کے لیے بند رکھا جائے گا، تاکہ پانی کی روانی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

جمعہ خان نیچاری کی اہلیہ، بیٹی اور بھانجی کے مبینہ طور پر لاپتہ کرنے کی مذمت کرتے ہیں، ساجد ترین

فوری طور پر لاپتہ افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا جائے، مرکزی سینئر نائب صدر بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے لکپاس چیک پوسٹ سے پارٹی رہنما جمعہ خان نیچاری کی اہلیہ، بیٹی اور بھانجی کے مبینہ طور پر لاپتہ کیے جانے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے خواتین کی ایک ہفتے کے اندر بحفاظت بازیابی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر خواتین کو فوری رہا نہ کیا گیا تو بی این (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل، سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریشی اور سہیل بیگ سیلانی آئی ٹی سینٹر دورے کے موقع پر سوینئر دے رہے ہیں

آواران میں نامعلوم مسلح افراد کا رکن اسمبلی خیر جان کے پھوپھی زاد بھائی کے گھر پر حملہ

اغواء کی کوشش ناکام، فائرنگ سے ایک حملہ آور ہلاک

کوئٹہ (این این آئی) آواران کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ کے پھوپھی زاد بھائی کے گھر پر حملہ کر کے اس کے بیٹے کو اغواء کرنے کی کوشش کی ملزم سے مزاحمت کر کے اسلحہ چھین لیا ملزمان کے ساتھی کی فائرنگ سے اس کا بھائی شدید زخمی ہو گیا فائرنگ کے دوران ایک حملہ آور ہلاک ہو گیا ملزمان جاتے ہوئے موٹر سائیکل اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے واقع کی متعلقہ حکام کو اطلاع دے دی گئی ذرائع کے مطابق گزشتہ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

مستحکم پاکستان کیلئے صوبوں کو حقوق دیئے جائیں' پروفیسر حلیم صادق

بلوچستان کی خوشحالی، ترقی اور امن عوام پاکستان پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے۔ صحافیوں سے بات چیت

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ پاکستان کی مضبوطی، قومی یکجہتی اور پائیدار استحکام کا راستہ صرف اس وقت ہموار ہو سکتا ہے جب آئین کے مطابق صوبوں کو ان کے مکمل سیاسی، انتظامی اور معاشی حقوق فراہم کیے جائیں۔ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، مگر یہاں کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات، روزگار، تعلیم، صحت اور ترقیاتی منصوبوں سے محروم ہیں، جس کا ازالہ وقت (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے انتخابات میں کامیاب ہونے والے صدر محمد نواز پندرانی جنرل سیکرٹری امان اللہ خان ترین اور دیگر کا الیکشن کمیشن کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے آج سے معمول کے مطابق دوبارہ کھلیں گے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان نے موسم گرما کی تعطیلات میں توسیع سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کو جعلی، من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ محکمہ کی جانب سے اس حوالے سے کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح میں تیز آندھی کے ساتھ موسلادھار بارش، کچے مکانات گرنے سے 22 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی بختیارآباد نوتال لانڈھی سبی ڈیرہ بلٹی لہڑی تمبو و دیگر علاقوں میں تیز آندھی کے ساتھ موسلادھار بارشوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی بجلی کے کھمبے گرنے سے کئی علاقے تاریکی میں ڈوب گئے مکانات کی چھتیں دیواریں گرنے (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ورلڈ پاپولیشن ڈے: محکمہ بہبودِ آبادی لورالائی کے زیر اہتمام میگا سیمینار

آبادی سے متعلق آگاہی، ذمہ دار والدین اور صحت مند خاندانوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے' مقررین

لورالائی (خ ن) ورلڈ پاپولیشن ڈے: محکمہ بہبودِ آبادی لورالائی کے زیر اہتمام میگا سیمینار، تولیدی صحت، خاندانی منصوبہ بندی اور ذمہ دار والدین کے شعور کو فروغ دینے پر زور ورلڈ پاپولیشن ڈے کے موقع پر سیکرٹری محکمہ بہبودِ آبادی بلوچستان اور ڈائریکٹر جنرل کی ہدایات کے تحت، روز کنسلٹنگ (Consulting Riz) اور پی ایس آئی (PSI) کے تعاون سے ضلعی محکمہ بہبودِ آبادی لورالائی نے ضلعی پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر نسرین گل کی سربراہی میں (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے انتخابات مکمل ہو گئے

حاجی عطا محمد بنگلزئی ضلعی صدر، حاجی عبدالصمد بلوچ جنرل سیکرٹری منتخب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے انٹرا پارٹی انتخابات جمہوری اور آئینی روایات کے مطابق پریس کلب کوئٹہ میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے۔ انتخابات میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، مرکزی نائب صدر سردار کمال خان (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

نیشنل پارٹی نظریے اور جدوجہد کی بنیاد پر قائم جماعت ہے' رحمت صالح بلوچ

نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے انتخابات کو خوش آئند ہیں، اس عمل کے دور رس سیاسی اثرات نہ صرف پارٹی کے اندرونی ڈھانچے کو مضبوط کریں گے،

انتخابی عمل کے دوران کارکنوں نے جس نظم و ضبط، برداشت اور رواداری کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے' ڈپٹی پارلیمانی لیڈر نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے انتخابات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس عمل کے دور رس سیاسی اثرات نہ صرف پارٹی کے اندرونی ڈھانچے کو مضبوط کریں گے بلکہ صوبے کی مجموعی سیاسی فضا پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نظریے اور جدوجہد کی بنیاد پر (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

زیارت' ٹریکٹر حادثے میں ایک شخص جاں بحق' متعدد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) زیارت کے علاقے میں ٹریکٹر حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو زیارت کے علاقے سسنک کے مقام پر ٹریکٹر حادثے میں ایک شخص جاں بحق اور متعدد افراد زخمی ہو گئے

جمعیت حقیقی جمہوریت، عوامی حقوق اور دیانت دار قیادت کے فروغ کیلئے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے' مولانا رفیق

تنظیم کو نچلی سطح تک مزید فعال کرنا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر حکمتِ عملی اختیار کرنا ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیرِ اہتمام تنظیمی سرگرمیوں کے سلسلے کوئٹہ کے مختلف یونٹوں میں جن میں تحصیل کچلاک، کلی رحیم گل درویش آباد دبلیلی یونٹ، حلقہ غبرگ یونٹ، سمنگلی یونٹ، ریگی ناصران یونٹ، سید احمد شہید یونٹ پشتون باغ اور الجہاد یونٹ نورزئی چوک شامل ہیں، کے تفصیلی تنظیمی دورے کیے گئے۔ دوروں میں سینئر نائب امیر (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

جمعیت ضلع کوئٹہ کے سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان تنظیمی دورے کے سلسلے میں تحصیل کچلاک کی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

یارو پولیس کی کامیاب کاروائی، منشیات فروش گرفتار

عوامی حلقوں کی جانب سے منشیات فروشی کیخلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار

پشین (نامہ نگار) پولیس تھانہ یارو نے ایک کامیاب کارروائی کے دوران منشیات فروش کو دھر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی پشین کیپٹن (ر) نوید عالم کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل عظمت شاہ کی سربراہی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ یارو نصیب اللہ بادیزئی نے ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر ملزم کلیم اللہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے دو کلو اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کر لیا۔ ملزم کیخلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کی جا رہی (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا' جاوید اختر جمالی

14 اگست کا دن برصغیر کے مسلمانوں کی بے مثال قربانیوں، لازوال جدوجہد، اتحاد، ایمان اور قائدانہ بصیرت کی روشن علامت ہے

گنداخہ: (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ 14 اگست کا دن برصغیر کے مسلمانوں کی بے مثال قربانیوں، لازوال جدوجہد، اتحاد، ایمان اور قائدانہ بصیرت کی روشن علامت ہے۔ یہ دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے عظیم وطن پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آج پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آج سموار 3 اگست شام ساڑھے پانچ بجے صوبائی ذمہ داران کے ہمراہ صوبائی سیکرٹریٹ الفلاح ہاؤس انگلیانی روڈ کوئٹہ اہم پریس کانفرنس کریں گے

گورنمنٹ پرائمری سکول مدرسہ بحرالعلوم چمن آج سے کھل جائے گا۔ ہیڈ ٹیچر

چمن (نامہ نگار) موسم گرما کی مختصر تعطیلات کے بعد گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ عربیہ بحرالعلوم جامع مسجد نور محلہ شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی رحمہ اللہ گھوڑا اسپتال روڈ چمن میں آج 3 اگست 2026 (بروز پیر) سے باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز ہو رہا (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

ونڈر، بجلی کی کم وولٹیج کا مسئلہ برقرار گھریلو زندگی مفلوج تاجر برادری کا کاروبار ٹھپ

K الیکٹرک کی مبینہ نااہلی غفلت اور غیر ذمہ دارانہ رویے نے ابراہیم کے کالونی کے مکینوں کو قیامت خیز عذاب میں مبتلا کر دیا

سونمیانی ونڈر (رپورٹ/ زبیر بلوچ) K الیکٹرک کی مبینہ نااہلی غفلت اور غیر ذمہ دارانہ رویے نے ابراہیم کے کالونی کے مکینوں کو قیامت خیز عذاب میں مبتلا کر دیا۔ 15 گھنٹوں سے زائد عرصے سے پورے علاقے میں بجلی کی کم وولٹیج کا مسئلہ برقرار گھریلو زندگی مفلوج تاجر برادری کا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا الزام ہے کہ کم وولٹیج کے باعث گھروں (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

آئندہ دنوں میں شمالی و وسطی علاقوں' جنوب مشرقی سندھ کے بعض مقامات پر بھی بارش کا امکان

آئندہ دنوں میں شمالی و وسطی علاقوں' جنوب مشرقی سندھ کے بعض مقامات پر بھی بارش کا امکان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم کی ہدایت پر روزانہ کی بنیاد پر جاری ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا دسواں اجلاس این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) میں منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس کی صدارت کی، جبکہ وفاقی و صوبائی حکام اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے متعدد نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ پی ڈی ایم (بقیہ 76 صفحہ 3 پر)

7 اگست کی ہڑتال کسی ایک طبقے یا جماعت کی نہیں مظلوم عوام کی آواز ہے' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

آج بلوچستان میں بدامنی بدعنوانی عروج پر ہے سیکورٹی فورسز و حکومت اور اسلام آباد کے حکمران امن کی بحالی، حقوق کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہوئے ہیں

صوبہ گیر ہڑتال کے سلسلے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام الناس قومی جذبے کے تحت بھرپور تعاون کریں' رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ 7 اگست کی صوبہ گیر ہڑتال کے سلسلے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام الناس قومی جذبے کے تحت بھرپور تعاون کریں گے۔ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی، بارڈرز کی مسلسل بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، شاہراہوں پر لوٹ مار، بے روزگاری، مہنگائی اور سیکورٹی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حقوق اور ان کے حقِ خودارادیت کی ترجمانی کی ہے' سردار عمر گورگیج

پیپلز پارٹی کشمیر میں جمہوریت کے استحکام اور کشمیریوں کے سیاسی و بنیادی حقوق کی ضامن ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سینئر سردار عمر گورگیج، جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین، صوبائی رہنما حیات خان اچکزئی نے دیگر سینئر پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ کشمیر انتخابات کے سلسلے میں کوئٹہ میں قائم پولنگ اسٹیشن کا دورہ (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

QUETTA PRESS CLUB
کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء ساجد ترین ایڈووکیٹ، آغا حسن بلوچ، ملک نصیر شاہوانی، موسیٰ بلوچ، غلام نبی مری، صمند بلوچ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جیکب آباد: رٹائرڈ سرکاری ملازمین ماہانہ پینشن سے تاحال محروم

پینشن فوری طور فراہم کر کے، ٹریزری عملہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جیکب آباد میں ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کو ماہانہ پینشن کی بروقت ادائیگی نہ ہونے کے باعث شدید مالی مشکلات اور ذہنی اذیت کا سامنا ہے۔ متاثرہ ملازمین نے خزانہ دفتر (ٹریزری آفس) کے عملے پر من مانی اور نااہلی (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم افراد چھ افراد سے موبائل فون اور ہزاروں روپے نقدی لوٹ کر فرار

اسٹریٹ کرائمز میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اسٹریٹ کرائم میں اضافہ ایک ہی رات میں چھ افراد سے موبائل فونز ہزاروں روپے نقدی چھین لی گئی۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود گزشتہ شب شرقی ڈالڈامل ایریا میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر مقامی سوشل ورکر سید اسحاق شاہ سمیت تین افراد سے تین موبائل فونز نقدی و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے جبکہ غربی ایریا ہسپتال کالونی وارڈ نمبر 38 اور بوائز ہائی سکول ایریا میں بھی تین افراد سے موبائل فونز ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے اسٹریٹ کرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات پر ڈیرہ (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے نصیرآباد معروف لوک گلوکار گل میر جمالی کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گانوں کے ذریعے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرنے والے نصیرآباد سے تعلق رکھنے والے معروف لوک گلوکار گل میر جمالی کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کر کے ان سے ملاقات کی (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی' تشدد سے نوجوان کی ہلاکت کا مقدمہ 6 افراد کیخلاف درج' تلاش شروع

سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو اور والد کی درخواست پر پولیس حرکت میں آ گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں تشدد سے نوجوان کی ہلاکت کا مقدمہ 6 افراد کے خلاف درج کر کے تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق کچھ روز قبل ٹراما سینٹر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں ایک نوجوان کی لاش لائی گئی تھی جس کے معائنہ کرنے کے دوران ڈاکٹروں نے گرمی لگنے سے اسکی موت قرار دی تھی جبکہ نوجوان کو درختوں کے ساتھ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

دیوی بائی خوشحال داس ڈیوآنی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام فری جنرل سرجیکل میڈیکل کیمپ

اوتھل (این این آئی) دیوی بائی خوشحال داس ڈیوآنی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام، ٹرسٹ کے سربراہ ڈاکٹر تولا رام لاسی کی جانب سے گزشتہ دنوں اوتھل میڈیکل سینٹر اینڈ میٹرنٹی ہوم، سول ہسپتال روڈ اوتھل میں منعقد کیے گئے فری جنرل سرجیکل میڈیکل کیمپ کے بعد (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

Quetta Press Club
کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ، خالق آباد کے قبائلی رہنماء میر جہانگیر لانگو، سراج احمد عبدالستار و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کی خوشحالی کیلئے عمران خان کی رہائی ضروری ہے۔ سید صادق آغا

پانچ اگست کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں تحریک انصاف کے زیر اہتمام بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ پانچ اگست 2023 پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک انتہائی افسوسناک دن ہے، جب ملک کے سابق وزیراعظم اور تحریک انصاف کے بانی (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

بی این پی کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری، بی این پی میاں غنڈی یونٹ کے سیکرٹری نزیر احمد رخشانی، سرگرم کارکن شبیر احمد رخشانی اور دیگر ساتھیوں نے سینئر صحافی و سماء ٹی وی کے کیمرہ مین مجیب اللہ خان اچکزئی کی والدہ محترمہ (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

آئی بی اے پاس امیدواروں کا نوکریاں نہ ملنے کے خلاف گڑھی خیرو میں احتجاجی مظاہرہ، شدید نعرے بازی

پانچ سالوں سے انتظار کے باوجود نوکریاں نہیں ملیں

جیکب آباد (نامہ نگار) آئی بی اے پاس امیدواروں کا نوکریاں نہ ملنے کے خلاف گڑھی خیرو میں احتجاجی مظاہرہ، شدید نعرے بازی تفصیلات کے مطابق 5 سے 15 گریڈ کی نوکریوں کیلئے نوجوانوں کا عبدالنبی کھوسو، علی مراد جمالی، عبیداللہ بروہی اور دیگر کی (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

احتجاج
IBA 5 TO 15
IBA

آئی بی اے پاس امیدواروں کا نوکریاں نہ ملنے کے خلاف گڑھی خیرو میں احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے